# SENATE OF PAKISTAN

## SENATE DEBATES

Thursday, May 18, 1989

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at ten of the clock in the morning, with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

*(Recitation from the Holy Quran)*

بسم الله الرحمن الرحيم

تلك آيات الله نتلوها عليك بالحق فبأي حديث بعد الله وآياته يؤمنون ﴿٦﴾
ويل لكل أفاك أثيم ﴿٧﴾

يسمع آيات الله تتلى عليه ثم يصر مستكبرا كأن لم يسمعها فبشره
بعذاب أليم ﴿٨﴾
وإذا علم من آياتنا شيئا اتخذها هزوا أولئك لهم عذاب مهين ﴿٩﴾
من ورائهم جهنم ولا يغني عنهم ما كسبوا شيئا ولا ما اتخذوا من دون
الله أولياء ولهم عذاب عظيم ﴿١٠﴾ هذا هدى والذين كفروا بآيات ربهم
لهم عذاب من رجز أليم ﴿١١﴾
الله الذي سخر لكم البحر لتجري الفلك فيه بأمره ولتبتغوا من فضله و
لعلكم تشكرون ﴿١٢﴾

# SENATE OF PAKISTAN
## SENATE DEBATES

Thursday, May 18, 1989

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at ten of the clock in the morning, with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

*(Recitation from the Holy Quran)*

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۚ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۢ بَعْدَ اللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ﴿٦﴾
وَيْلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ﴿٧﴾
يَّسْمَعُ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُتْلٰى عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا ۚ فَبَشِّرْهُ
بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿٨﴾
وَاِذَا عَلِمَ مِنْ اٰيٰتِنَا شَيْئَا ۨاتَّخَذَهَا هُزُوًا ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿٩﴾
مِنْ وَّرَاۗىِٕهِمْ جَهَنَّمُ ۚ وَلَا يُغْنِيْ عَنْهُمْ مَّا كَسَبُوْا شَيْـًٔا وَّلَا مَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ
اللّٰهِ اَوْلِيَاۗءَ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿١٠﴾ هٰذَا هُدًى ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ
لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ﴿١١﴾
اَللّٰهُ الَّذِيْ سَخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ لِتَجْرِيَ الْفُلْكُ فِيْهِ بِاَمْرِهٖ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَ
لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿١٢﴾

ترجمہ : شروع کرتا ہوں ساتھ نام اللہ کے جو نہایت مہربان اور رحم والا ہے

یہ خدا کی آیتیں ہیں جو ہم تم کو سچائی کے ساتھ پڑھ کر سناتے ہیں تو یہ خدا اور اس کی آیتوں کے بعد کسی بات پر ایمان لائیں گے ⑥ ہر جھوٹے گنہگار پر افسوس ہے ⑦

(کہ) خدا کی آیتیں اسکو پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو ان کو سن تو لیتا ہے (مگر) پھر غرور سے ضد کرتا ہے کہ گویا ان کو سنا ہی نہیں۔ سو ایسے شخص کو دکھ دینے والے عذاب کی خوشخبری سنا دو ⑧

اور جب ہماری کچھ آیتیں اسے معلوم ہوتی ہیں تو ان کی ہنسی اڑاتا ہے ایسے لوگوں کے لیے ذلیل کرنے والا عذاب ہے ⑨

ان کے سامنے دوزخ ہے اور جو کام وہ کرتے رہے کچھ بھی ان کے کام نہ آئیں گے۔ اور نہ ہی (کام آئیں گے) جن کو انہوں نے خدا کے سوا معبود بنا رکھا تھا اور ان کے لیے بڑا عذاب ہے۔ ⑩

یہ ہدایت (کی کتاب) ہے اور جو لوگ اپنے پروردگار کی آیتوں سے انکار کرتے ہیں ان کو سخت قسم کا درد دینے والا عذاب ہوگا ⑪

خدا ہی تو ہے جس نے دریا کو تمہارے قابو میں کر دیا تاکہ اس کے حکم سے اس میں کشتیاں چلیں اور تاکہ تم اس کے فضل سے (معاش) تلاش کرو اور تاکہ شکر کرو۔

## LEAVE OF ABSENCE

**جناب چیئرمین:** میں پہلے رخصت کی درخواستیں نپٹا لوں۔ لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) سعید قادر اپنی مصروفیت کی بنا پر ایوان میں ۱۱ مئی کو شرکت نہیں کر سکے۔ اس لیے انہوں نے اس تاریخ کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا ان کی رخصت کی درخواست منظور کی جاتی ہے۔

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب چیئرمین :** جناب افتخار علی بخاری نے اپنی ذاتی مصروفیات کی بنا پر ایوان سے ۱۵ تا ۲۰ مئی تک کے لیے رخصت کی درخواست دی ہے۔ کیا ان کی رخصت کی درخواست منظور کی جاتی ہے۔

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب چیئرمین :** سردار محمد یوسف ساسولی صاحب نے اپنی نجی مصروفیات کی بنا پر ایوان سے حالیہ مکمل اجلاس کے لیے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا ان کی رخصت کی درخواست منظور کی جاتی ہے۔

(رخصت منظور کی گئی)

**Mr. Chairman:** Syed Zafar Ali Shah. On a point of order?

**Syed Zafar Ali Shah:** No Sir, simply on a request about speaking on the motion that is placed on the agenda today. I would like to request that the time may be granted to me later in the day, today because I have some business in the office so that I can speak on the motion at the convenient time say after at 12 O'clock.

**Mr. Chairman:** We will try and accommodate your request.

**Syed Zafar Ali Shah:** Thank you very much.

**Mr. Chairman:** Thank you. Yes, please Gen. Saeed Qadir on a point of order.

## POINT OF ORDER RE: INADEQUATE COVERAGE TO THE PROCEEDINGS OF THE SENATE ON P.T.V.

**Lt. Gen. (Rtd) Saeed Qadir:** Mr. Chairman, I would like to bring to your notice a grave irregularity committed by the Minister of State for Information in projecting the Government's point of view and his own point of view with regard to the discussion which took place yesterday in this House. The objection I have is that if the matter, which is discussed in this House, is to be projected on the T.V. there is no personal explanation required by members of the Government to use the time which is devoted for the Senate purpose only and it should not be utilized for explanation of the Government. The second aspect of that objection was that the matter with regard to what is happening in Sind was separately dealt with by the honourable Minister with reference to the statements which were made already by the Prime

[Lt. Gen. (Retd.) Saeed Qadir]

Minister and the Chief of Army Staff also and they were not denied by anybody in the Press. The Minister went at length to explain as to what is the state of minor insurgency or no insurgency or the scientific way of establishing what is the extent of insurgency. I think, this is gross mis-use of official position and this should be taken note of by the House.

**Mr. Chairman:** Mr. Javed Jabbar would you like to respond to that ?

**Mr. Javed Jabbar:** Mr. Chairman, I regret that there is a need to respond to such an observation.

Mr. Chairman, you are fully aware that at the end of each sitting of the Senate a completely innovative and new practice has been introduced in this country which I find difficult to match with the practice of any other country if the honourable Senator can bring other examples to our attention I shall be grateful where opportunity is afforded to any Member of the Senate or the Assembly who rises to speak on a substantive point to record his views briefly so that these views can be communicated to the people.

Now, I believe that it was my duty to clarify a major mis-conception that had been communicated a day previously by Senators who had expressed similar views on the floor of the House and it was Pakistan Television which ironically omitted to telecast my clarification of the point made by the former Finance Minister, therefore, I felt it my duty to do so.

Secondly, I did not misuse any opportunity to articulate the policy of the Government. Every point of view has equal opportunity to be projected and we have a right also to communicate our view point, therefore, I do not think any lapse occurred. Thank you.

**Mr. Chairman:** General Saeed Qadir, would you be satisfied if you are given an opportunity today on the television to explain your point of view ?

**Lt. Gen. (Rtd) Saeed Qadir:** Mr. Chairman, I think it is being misunderstood. I am not seeking an opportunity to explain my position. I am not objecting to the Minister of State

using the Television but the way they like in the Government to use it. Because we know this is their right and they do not have to convince us about their goodwill - how efficiently they use it for the Opposition.

I would like to respond to the first point made by Mr. Javed Jabbar that he would like to know which country in the world projects the view-point of the Opposition. I am in fact amazed that the honourable Minister of State is not aware of the fact that there are separate channels for this purpose. In the United States, the TV projects through a separate channel total discussion which goes on in the House and anybody who wishes to listen to the debate is welcomed to listen it, and the Government and the Opposition point is reflected all the time. So, there is no need to say that they are doing something unique. However, despite that I will compliment the Government for giving for the first time and it is very creditable that they are projecting the views of the Opposition even though for an extremely limited time - out of 99%, we get only 1% .....

M **Mr. Javed Jabbar:** Question. Question.

**Lt. Gen. (Rtd) Saeed Qadir:**.. we get only 1% but despite that we are grateful to them and I hope that they will increase the time to 2% gradually. We will be obliged to them for that but that is not the issue. The issue I am raising is as follows:

(a) That the honourable Senator and the Minister in his own right has a right to say what he likes on the TV when the session is over. On that occasion he explained two specific points, one of which was connected with the discussion held in the Senate that morning and the other one was not directly connected.

(b) My point is that he has TV available to him for 24 hours. Why does not he go on the air at a different timing and say we would like to explain the Government point of view. Why use those 15 minutes reserved for projecting the proceedings of the Senate Session, and why not then give an opportunity to the other Members to respond to those very things which he said.

This is my objection and I am not seeking projection for myself and I do not wish to use the time of the TV for that purpose. Thank you.

**Mr. Chairman:** Mr. Javed Jabbar.

**Mr. Javed Jabbar:** The record will bear me out that since the 6th of December, 1988 if not the 7th of December, since when we introduced this practice, the poor little Minister of State for Information has barely utilized this particular opportunity more than 3 times in a period of 5½% months. I have deliberately refrained from doing so and I only did so Mr. Chairman, because an honourable Member chose to refer to my statement by name; and when a member of the Senate or a Member of the Cabinet is referred to by name, I think it becomes incumbent upon that Member to explain correctly the position available to the Government and as seen by the Government. That is the first point.

Secondly, I fail to understand the point made by the honourable member regarding examples from other countries. There are three national networks in the United States of America. All three are commercial networks. None of them to this day offers the facility that Pakistan Television does. They have a separate channel where you can listen into on radio, mind you. Even in Britain, in the world's oldest parliamentary democracy there is no televised proceedings from the House of Commons. The House of Lords permitted it only last year. Therefore, if we have managed to achieve some thing very innovative that immediately after the national news bulletin, members of Parliament get four to five minutes each or three minutes or whatever to talk directly to the people. Let us acknowledge that and I assure the honourable Member that the only intention was to clear away a fundamental mis-conception about the accounting practices of the Peoples Programme which were alleged to be non-constitutional. It is our duty to clarify this and to communicate it to the people. Thank you.

**Mr. Chairman:** You see there are several matters of importance.

**Lt. Gen. (Rtd) Saeed Qadir:** Mr. Chairman, there is a gross mis-statement.

**Mr. Chairman:** General Sahib, let me first make a suggestion and then you can talk. There are several matters in the field of information which are of importance, which have taken place recently and some issues have also been highlighted in the Press. Would you agree to have a small debate

on the Information Policy in this Session Mr. Minister for Information ?

**Mr. Javed Jabbar:** With pleasure.

**Mr. Chairman:** On what date and what time so that we can fix a debate on the Information Policy of the Government?

**Mr. Javed Jabbar:** As you please.

**Mr. Chairman:** So, if the honourable Members of the House agree, we can have a debate - small debate, because there are so many important things which have happened. After the foreign policy debate, I think, we will fix it up which will give an opportunity to Mr. Javed Jabbar to explain some of the measures he has taken and also enable the honourable Members to air their views on various matters. Of course, some things which have taken place are very important and the House would like to compliment the honourable Minister of State for Information for certain measures he has taken but the quantum of those are what the honourable Members are talking about. I am sure during the course of the debate these matters will come out more openly and we will have time to examine the various view-points in the House.

**Prof. Khurshid Ahmed:** Mr. Chairman, Sir.

**Mr. Chairman:** Yes please.

**Prof. Khurshid Ahmed:** Let us have this discussion on Information Policy after we have had discussion on the President's Address but before the Foreign Policy.

**Mr. Chairman:** We will see, depending, if there is any important government business, in the meantime we will have to examine the priorities. So, if there is no important government business then perhaps we can fix a date in between but if there is some important government business then we will have to consider a date after the foreign policy debate.

**Lt. Gen. (Rtd) Saeed Qadir:** Mr. Chairman, I must submit that I am not trying to prolong this discussion. What I am trying to say is that even now the last statement made by the honourable Minister is a gross mis-statement.

*(Interruption)*

**Lt. Gen. (Rtd) Saeed Qadir:** Please listen to me patiently. I am not objecting to his projecting the point of view the way he likes. It is his business and the Government's business. My point is that in the 15 minutes (and this cannot be discussed in the Information Policy which may be debated on the floor of this House), the 15 minutes which are assigned for Senate purposes are related directly to the matters discussed in that particular Session. The honourable Minister stood up in this case and refuted the honourable Senator with regard to certain statement. That was his right. He did so over here. There is nothing wrong with that. But he utilized the time again on the TV to again raise the same point which he had refuted here. Secondly, he took up a point about explaining the budget issues which were stated by another Minister who did not get a chance to even hear perhaps what he was saying. Besides this out of the three minutes or five minutes which he allocated for himself, if you have it analysed, most of the time was spent on the Sind situation which had nothing to do with the debate in the morning. That related to the statements by the Prime Minister in which she said in her own right that there is a minor insurgency, then the Chief of Army Staff stated that there is a serious situation. What business has the Minister of State got to take the time of the Senate - those fifteen minutes at that time clarifying as to what exactly he said to the Press after the Cabinet Meeting Briefing. I am raising objection to that.

**Mr. Chairman:** I think your point has been noted and he has replied to the point.

**Mr. Javed Jabbar:** Sir, the honourable Member has not understood the substance of my point. No. 1, a statement made by the Minister during the proceedings of the Senate the previous day regarding an incorrect observation made by the former Finance Minister was not telecast by Pakistan Television, therefore, it was my duty to use whatever little time is left over to me after the honourable Members have used it to clarify the position. No. 2, regarding the Sind situation another honourable Member of the Senate named me by name not just by title and said that this gentleman had misrepresented the position.

**Mr. Chairman:** So, the moral of the story is to refer to the honourable Minister only by title not by name.

**Mr. Javed Jabbar:** Absolutely, Sir.

**Mr. Chairman:** And No. 2, I am sure his apprehension is that in this evening's bulletin the explanation will be given prominence than the objection by the honourable Senator.

*(Interruption)*

**Dr. Mahbubul Haq:** Mr. Chairman, can I know for my clarification as to what was the incorrect statement that I have made yesterday that the Minister clarified last evening which I missed altogether because I should have a chance to at least respond.

**Mr. Chairman:** I think you can see the Minister later, we have decided that we will have a small debate on the information policy and I think the various points of view can then be added in that debate, I think that will be a positive contribution. Now, we will start with the unfinished debate on the President's Address. Qazi Abdul Latif on a point of order.

**قاضی عبداللطیف :** پوائنٹ آف آرڈر جناب والا ۔

**جناب چیئرمین :** جی قاضی صاحب فرمائیں ۔

**قاضی عبداللطیف :** میری تحریک استحقاق نئی روشنی کے متعلق تھی آپ نے کل فرمایا تھا کہ شاید کل آ جائے گی لیکن وہ تو آج بھی نہیں آئی ۔

**جناب چیئرمین :** مجھے آپ دفتر میں مل لیں تا کہ میں دیکھ لوں کہ اس میں کیا دقت ہے ۔ جی جناب ڈاکٹر شیر افگن صاحب ۔

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی :** جناب میری گزارش ہے کہ مجھے اگر آپ پہلے ٹائم عنایت فرما دیں ۔

**جناب چیئرمین :** آپ وائنڈ اپ کریں گے ؟

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی :** نہیں وائنڈ اپ تو جبار صاحب کریں گے ۔

**جناب چیئرمین :** ہم کوشش کریں گے ۔ کیونکہ میں چاہ رہا ہوں کہ آج ختم ہو سکے ۔

We will try and accommodate your request.

**قاضی عبداللطیف** : جناب والا ! میں بھی اس کی تائید کروں گا تاکہ کم ازکم سرکاری نقطہ نگاہ بھی ہمارے سامنے آجائے۔

**جناب چیئرمین** : کوشش کریں گے۔ کسی مناسب موقع پر، ڈاکٹر صاحب کو اور ظفر علی شاہ صاحب کو موقع دیا جائے۔

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی** : اگر آپ مہربانی کر دیں تو۔

**جناب چیئرمین** : آپ کس وقت بولنا چاہیں گے۔

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی** : ابھی۔

**جناب چیئرمین** : نہیں : میرے خیال میں کوئی ایک آدھ تقریر تو ہو جائے۔

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی** : بہت سی تقریریں ہو چکی ہیں۔

**جناب چیئرمین** : تھوڑی سی ہو جائے۔

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی** : ٹھیک ہو جائے گی۔

**جناب چیئرمین** : میں آپ کو موقع دوں گا۔

**Mr. Sartaj Aziz:** Can we have the list of speakers for today Mr. Chairman, ?

**Mr. Chairman:** Yes, we have the list of speakers and I will call upon ......

**Mr. Sartaj Aziz:** So can you read out the list so that we may know the name of the speakers ?

**Mr. Chairman:** Well ! don't worry about that we will try and adjust. Would you like to speak now Mr. Sartaj Aziz ?

**Mr. Sartaj Aziz:** No, Sir. I am worrying because my name was listed but it is not in the list.

**Mr. Chairman:** It is there, Mr. Sartaj Aziz, you can start.

**Mr. Sartaj Aziz:** No I will speak later on, you continue the debate according to the list.

**Mr. Chairman:** Mr. Ghulam Faruque.

## FURTHER DISCUSSION ON THE PRESIDENT'S ADDRESS

**Mr. Ghulam Faruque:** - بسم اللہ الرحمٰن الرحیم, It is very rarely on very special occasions that I take the valuable time of this House. I have expected that the matter having gone five months old perhaps the discussion on the President's speech will probably not be resumed which has taken nearly a period of five months that we are now discussing this. This is too long a time that many things get out of date and still all the same taking into account that very rarely I inflict myself on the valuable time of the House, you would allow me sufficient time perhaps exceeding the limit that have been laid down in connection with this debate. Mr. Chairman, you will also find that I have to refer more often than was the customary to my notes wherever the precision required whether it is historical and economic background I always take the trouble of preparing myself and writing my speech so I hope and I crave that indulgence that you will not mind if I refer to my written notes somewhat more often than what the others have been doing.

**Mr. Chairman:** No, please do so.

*[At this stage Mr. Chairman vacated the Chair which was occupied by Mr. Deputy Chairman (Syed Muhammad Fazal Agha)]*

**Mr. Ghulam Faruque:** The Address of the President of Pakistan was delivered to a joint sitting of Majlis-e-Shoora (Parliament) on 14th December 1988. We are now debating the Address on 28th May 1989 i.e. after an interval of five months. Much has happened in the last five months. I would mention that I had lost hope that there would be a discussion on the Address by the august House and that we would be moving on the current affairs. And then there is always hurry to get over a subject in a very much shortened time. Of necessity one has to skip over many things.

Leaving out the preamble in the Address of the first six paragraphs, I would refer to the early historical and political background of 42 years of our life. The President's Address begins with the remark that unfortunately in the realm of democracy the national past record is not praiseworthy. With deep respect and humility this is not true as I see it.

[Mr. Ghulam Faruque]

I do not know what previous records had been placed at the disposal of the President to bring about this historical background all shown under a dark cloud. The sappling of democracy as referred had grown but in a somewhat slow and faltering manner but it did make progress. The conditions circumscribing the growth were first the hurries in which the country was brought into being with the uncertain position about its boundaries and under a Constitution drafted by the Britishers, particularly in the part of the sub-continent of what is now Pakistan. Unlike other Provinces of undivided India including Bengal, West Pakistan had a different evolutionary growth under totally different political and social conditions. Each part having hundreds of years of previous history followed by about 150 years of British rule - and overrun by the influx of the momentous migrations from the sub-continent the idea of a Constitution was premature as the great social upheavel, the integration of people of different areas, languages had to be conglomerated into a situation so vastly different. It was not a case of deviation from the Constitution. It was a difficult process of a great adjustment in some uniform administration.

Some of my honourable friends have referred to the dismissal of the Khawaja Nazimuddin's Ministership in 1953. It was not just an arbitrary action of an individual the dismissal of a popularly elected Prime Minister. The Governor General had come under pressure and I, Mr. Chairman, can say from my personal knowledge that the action he took was after consultations with the Provincial Chief Ministers of the three Provinces of West Pakistan and at that time all the Provinces had then elected Assemblies plus an elected National Assembly at the centre. Not a single Member of these Assemblies, including the one from East Pakistan resigned in protest.

There is an incident of a Chief Minister of a Provincial Government being intercepted on a rail journey to his headquarters at a station near Lahore to speak to the Governor General over the telephone. The Governor General asked whether the Chief Minister concerned was still of the opinion about a change of the Prime Minister and the reply was in the affirmative. The Chief Minister was then asked to speak to the new Prime Minister i.e. the late Mohammad Ali Bogra. The Chief Minister concerned was at that time head of a duly elected Provincial Assembly. There is a constant charge that the bureaucrats and the Armed Forces

conspired to produce an era of Martial Law. But here again, with your permission, I would like to inform the august House that once on an air journey from Karachi to Rawalpindi I was asked to accompany the Governor General. At the very last moment the Governor General was requested that the Commander-in-Chief, late General Muhammad Ayub Khan would also like to join the plane for Pindi. During the flight three persons were in the main cabin - the Governor General, the Commander-in-Chief and myself and talk came up about the political atmosphere of the country and its future. The Governor General remarked that he would ask the Commander-in-Chief to take charge of the country. The Governor General got up to move to the lavatory and the remark of the late General Muhammad Ayub Khan to me was whether the Governor General realized what he was talking about ? He said once the military forces come into power that would be a great slowing down of democracy. Why the politicians could not find some other way to bring about improved political conditions. The intention is to impress the House that it was not the love for power in itself but other circumstances that brought the Armed Forces to take charge of the administration.

Mr. Chairman, let us recall for a moment the nine years administration of late President Iskander Mirza and late President Muhammad Ayub Khan. They brought into their Cabinet, except three Generals, several men of proved ability leading in their lines and including a very young person, a new acquisition, that of late Z.A. Bhutto. At a young age he was brought into the Cabinet as a Commerce Minister. Later when Iskander Mirza had been made to retire. I enquired of him what made him take Bhutto into his Cabinet. His remark was that he found Mr. Bhutto, young man, having a great deal of enthusiasm, well educated and the making of a great administrator. I have personal knowledge that both Iskander Mirza & President Muhammad Ayub Khan were greatly fond of Mr. Bhutto and encouraged him in every possible way to get experience in administration and politics. Mr. Bhutto took full advantage of it. It was that nine years experience that enabled Mr. Bhutto to enter into politics in an overwhelming flourishing manner and which took the country, which is now Pakistan, by storm. It was not that those years were all wasted but it was a progressive background for a different phase of politics. It is an historical fact that late Muhammad Ayub Khan did try to bring in democracy through a slow and progressive manner.

[Mr. Ghulam Faruque]

So, the present Constitution is a symbol of the collective wisdom of many years and we are satisfied with it. Are we not now clamouring and calling for changes. The Constitution being the outcome of collective human wisdom can not be final. Progressively as experience is acquired and as the economic and social condition of the country develops there could be possible changes and that these will be to the good as long as they are well considered. Mr. Chairman, I am afraid I do not agree with the conclusion of the President's speech :-

> "For political expediencies and shortlived gains, the Constitution was relegated to the background or was interpreted in accordance with personal whims. In this way this priceless document, which in fact is a tower of light, was trampled upon to go ahead. And then it so happened that we strayed from our path making it difficult for the nation to reach its destiny."

Mr. Chairman, now I come to the economic condition of the country of which in an incompetent manner but with honest intentions I had been connected over the last 40 years:

1. We have highly experienced administration, politicians and economists but still our thinking is highly confusing. In the blasts and storms of politics while we say a great deal about the people we think of them great simpletons, little toddlers that need nurses and bottle feeding. We lose sight of actual facts because of our lack of knowledge and experience of the past.

2. What lead the founding father to take up the spirit of Pakistan ? It was the confidence and reliance on a people that had an historical past of a thousand years. The firm bedrock of religious faith, fortitude, stubbornness and the will to sacrifice, all that brought Pakistan into a reality. It is that background that has sustained the country over these 41 years. Whether it was a democratic form of government or a Martial Law dictatorship of an individual, the masses kept on moving imperceptibly but steadily towards a progressive role. So, while from a low level method of accounting or a myopic balance sheet we see our treasury empty and we get into economic despair. My honourable friends, such is not the case. The country has moved foward

socially, economically, intellectually towards its goal. The misfortune is that in the overcharged atmosphere of bickerings, of personal vandettas, aspirations we have lost touch of the ground, our heads in the clouds, our feet off the ground. Nothing has gone wrong. It is the warped imagination and thinking of a few tossed into the politics of flotsam and jetsam feel and think that the country is in ruins and in tatter. If we divert ourselves of such false notions and firmly grasp the reins of our responsibilities our thinking would be more optimistic and will lead us to progress.

3. Why do we not draw some lessons from international situation ? Take the greatest economic political and military power in the world the United States. From the largest creditor country in the same period of ours is now the biggest debtor country in the world but is still guiding and participating in the affairs of the world and our own destiny with confidence and a purpose. Our friends the U.K. while its trading balance are in deep red, the country is in good shape but its balance of trade in a large imbalance, the country has reduced taxes all-round.

4. If a careful stock at the ground level is taken it will show progress and movement all-round. Travel on the road from Islamabad to Peshawar you will find that during last 10-15 years at almost every tenth mile townships have grown up, little hives of agricultural activities, consumer goods, small mechanical shops involving daily transactions of lacs and lacs of rupees. After a lapse of several years I have an opportunity to visit Swat and Dir at frequent intervals, large *mandis* have come up not only trading locally but also an international level. All these have to be assessed. These can be little fountains of sources of income to what is called an empty *Khazana* running with rats.

For the last eight years, we have been caught in the vertex of the Afghan situation and the influx of *mohajirs* and the struggle of *mujahidin*. There has been a large increase in activities trade, transport, imports and a transfer of a great deal of capital. All this resulting in an improvement in the urban and rural economics. Once the din of battles settles down and peaceful conditions come to prevail the country's economy will gain all-round.

[Mr. Ghulam Faruque]

5. Let us pause and think whom we have elected with a great majority as the President of the country? Mr. Ghulam Ishaq Khan! was he not the custodian of your finances over a period of eight years? He is a believer in Constitution but he is also inherently a caretaker and custodian of sound financial management. By nature and inherently he does not go wrong not a person to obey faithfully and dictatorial regime-Mr. Ghulam Ishaq Khan's guidance and action gradually and imperceptibly brought up this change which we do not perceive. A large sector of the population at the new level of economics what is known as bourgeois class or middle class has come into being. It is this class that becomes the backbone of a country's progress and stability. If one would read the classical writing of Ibn-e-Khaldoon, the great historian of the Islamic age, his lament was the absence in his times of a bourgeois class. About five years back about the time of General Zia's nominated *Majlis-e-Shoora* I was asked to open the debate on the budget as presented by the then Finance Minister Mr. Ghulam Ishaq Khan. My opening remarks were that I wished the Finance Minister had presented a reckless budget and not one so carefully balanced, a budget of a speculative nature, a budget of enterpreneurs and not a carefully drawn accountants budget. The basis of entrepreneurship is taking carefully calculated risks.

6. Mr. Chairman, the conclusion is that the basis of our economy inherently is very sound. There is room for taxation on a large scale of new entrants. Some risks have to be taken and let us forget all the moaning and blaming the managers of the past. In the time of Junejo's administration in a pre-budget meeting I had advocated strongly a separate defence tax. It was announced in the budget. Unfortunately the Government succumbed to clamour in the Assembly and withdrew it. Subsequently, at a lunch by the President I asked the then Finance Minister, why he accepted the position and his remark was that the budget he had prepared was an accounting budget, the Prime Minister's budget was a political budget. My reply was that politics were means to an end. The real thing was the progress and the general economic uplift of the country. My earnest plea is that we do not talk of the past and that the future is not as bleak as we

take it that the next budget would really be what we call a rackless budget based on confidence in the people of the country.

Mr. Chairman, by a coincidence in the London Times of Monday, March 27th, there is a good editorial under the heading "Miss Bhutto's Priorities" with a remark "Her first budget in June will show how brave she is preapred to be. Given the importance to the west, if democracy in Pakistan, however, it may now be time for its friends to extend a helping hand". So, here is an opportunity to try our luck. Thank you very much.

جناب ڈپٹی چیئرمین : جناب قاضی عبداللطیف صاحب۔

قاضی عبداللطیف : نحمدہ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

جناب چیئرمین! آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے اس اہم موضوع پر مجھے کچھ کہنے کی اجازت فرمائی۔ صدر محترم نے جو ارشادات فرمائے تھے وہ یقیناً اس ملک اس ایوان اور اس علاقے کی رہنمائی کے لیے تھے۔ جناب والا! جہاں تک ہمارے صدر محترم کا تعلق ہے یہ دنیا جانتی ہے کہ انہوں نے اپنی خدا داد قابلیت سے اپنی امانت دیانت صداقت اور اپنی لیاقت کا لوہا منوایا ہے اس کو کسی کے certificate کی ضرورت نہیں ہے جو لوگ اس کو نوکر شاہی کی باقیات سے تعبیر کرتے ہیں میں سمجھتا ہوں یہ ان کی کم علمی کم ظرفی اور کم مائیگی کا ثبوت ہے کسی شخص کے ماہرانہ تجربات سے فائدہ اٹھانا یہ ملک کی سب سے اولین ضرورت ہے۔ صدر محترم نے جو کچھ فرمایا ہے وہ صرف ایک نظریاتی اور علمی نکتہ نہیں بلکہ وہ پاکستان کے معرض وجود میں آنے سے اپنے انتخاب تک ہر مرحلے پر تجربے کر چکے ہیں اور انہوں نے اپنے تجربات کی بنیاد پر اس ملک کی رہنمائی کا فریضہ ادا کیا ہے اور اپنے ماضی کی روشنی کی بنیاد پر مستقبل کی نشاندہی کی ہے کہ ہم نے کیا کرنا ہے کہاں سے آئے ہیں ہمارا ماضی کیا تھا ہمارا حال کیا ہے اور ہمارا مستقبل کیا ہونا چاہیئے اس سے فائدہ نہ اٹھانا بد نصیبی اور اس ملک کی محرومی سمجھی جائے گی تو میں گزارش کروں گا کہ ان کی تقریر کے تیرہ نکات ہیں۔ تیرہ نکات انہوں نے فرمائے ہیں۔ آئین کی پابندی سب

[Qazi Abdul Latif]

سے مقدم ہے ۔ حزب اختلاف اور حزب اقتدار کی ذمہ داریاں، پارلیمنٹ کو قانون ساز ادارہ تسلیم کرنا اور وہاں قانون سازی کرنا۔

(۴) دفاعی ضروریات پر خصوصی توجہ دینا۔

(۵) اسلامی ممالک سے تعلقات اور امت مسلمہ کی یک جہتی ۔

(۶) پڑوسیوں سے اچھے تعلقات۔

(۷) افغانستان کا مسئلہ، جینوا معاہدہ کی روشنی میں حل کرنا۔

(۸) اندرون خانہ معاملات کو سلجھانا۔

(۹) امن قائم کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔

(۱۰) اقتصادی معاملات میں آفاقیت، جامعیت، ہمہ گیریت،

(۱۱) بے روزگاری کے خاتمے کے لیے صنعتوں میں اضافہ۔

(۱۲) تعلیم کا فروغ۔

(۱۳) یہ ملک اسلام کے نام پر حاصل کیا گیا ہے اور اسلام ہی سے وابستگی کے سہارے قائم رہ سکتا ہے۔

یہ ۱۳ نکات انہوں نے ارشاد فرمائے ہیں۔ اس سلسلے میں ان نکات کی جامعیت سے کسی کو اختلاف نہیں ہو سکتا ہے، البتہ میں بڑے احترام اور ادب سے جناب صدر محترم کی تقریر کی ترتیب کے متعلق عرض کروں گا کہ جناب صدر محترم یقیناً اس بات سے ہم سب سے زیادہ باخبر ہیں اور اس حقیقت کو جانتے ہیں کہ اسلام ہی اس ملک کے وجود کی وجہ جواز ہے۔ اسلام ہی کے نام پر یہ ملک معرض وجود میں آیا ہے۔ اور اسلام ہی کی بنیاد پر اس ملک کو تقسیم کیا گیا تھا اور وہ دو قومی نظریہ تھا۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ پروٹوکول یہ ہے کہ اسلام کا ذکر سب سے پہلے ہونا چاہیے تھا نہ کہ ۱۳ نمبر پر، سب سے پہلے شروع ہی میں یہ بتلایا جاتا ہے کہ یہ ملک اسلام ہی کے نام پر قائم ہوا ہے اور اسلام ہی اس کی وجہ جواز ہے۔ اور اسلام ہی کی بنیاد پر یہ قائم رہ سکتا ہے تاکہ دیکھنے والوں کو یہ تاثر ہوتا کہ اسلام کے سوا اس ملک کے اندر اور کوئی نظام قائم نہیں

ہو سکتا میں گزارش کروں گا کہ اسلام کو اوّلیت دی جائے تذکرے کے اندر بھی اور عمل کے لحاظ سے بھی، اور اجرا کے لحاظ سے بھی، زندگی کے ہر شعبہ کے اور ہر لمحہ کے اندر اسلام کو جاری و ساری کرنا اور نافذ کرنا، تب ہی ممکن ہو گا کہ اگر ہم اس کو اولیت دیں گے، اپنی زبان میں بھی، اپنے عمل میں بھی، اور اپنے کردار میں بھی۔ جب تک یہ بات نہیں ہو گی یہ ملک قائم نہیں رہ سکتا اور یہی وجہ ہے کہ چونکہ ہم قول و عمل کے تضاد کے شکار رہے ہیں، ہم سے آدھا ملک کٹ کر علیحدہ ہو گیا ہے۔

میں یہ بھی گزارش کروں گا کہ یہاں صفحہ ۵ پر یہ جو کہا گیا ہے کہ "حاضرین گرامی! بدقسمتی سے جمہوریت کے میدان میں ہماری قومی کارکردگی کچھ زیادہ قابل فخر نہیں رہی ہے"۔ میرے نزدیک یہاں بھی یہ لفظ ہونا چاہیئے تھا، "بدقسمتی سے اسلام اور جمہوریت کے میدان میں ہماری قومی کارکردگی کچھ زیادہ قابل فخر نہیں رہی ہے" یہاں بھی لفظ "اسلام" آنا چاہیئے تھا۔ جس طریقے سے جمہوریت کے حوالے سے ہم متاسف ہیں، اسلام کو مکمل طور پر نافذ نہ کرنے کی بنیاد پر بھی ہمیں افسوس ہونا چاہیئے، کہ اسلام اس طریقے اور اس معیار پر یہاں نافذ نہیں ہوا، کہ جس معیار پر نافذ ہونا چاہیئے تھا۔ تو سب سے پہلے ہمیں اس طرف توجہ دینی چاہیئے،

دوسری بات یہ دیکھنی ہے کہ کیا ہم نے اس تقریر کو واقعتاً مشعلِ راہ بنا لیا ہے، اور حکومت کہ جیسے یہ رہنمائی دی گئی تھی، یا صدر مملکت اپنی حکومت کی پالیسی بیان فرما رہے تھے، اس کے بعد ہم نے یہ جائزہ لینا ہے کہ اس پر، ان چھ مہینوں کے اندر کتنا عمل درآمد ہوا ہے۔ میں افسوس کے ساتھ کہوں گا کہ بظاہر محسوس ہوتا ہے جیسے اسلام کو اس ملک سے بدر کرنے کی سازش کی جا رہی ہے۔

خیرپور، سندھ سے قومی اسمبلی کے ممبر پرویز علی شاہ نے سکھر میں ایک تقریب میں فرمایا تھا کہ پیپلز پارٹی کا مسلک سیکولر ازم ہے اور اس

[Qazi Abdul Latif]

نے تقریر کی ابتدا، رام، رام سے کی تھی۔ اس کا نوٹس تو نہیں لیا گیا بلکہ اس کے بعد ان کو وزیر بنا دیا گیا ہے۔ آپ اندازہ لگائیے کہ ان کے ارادے کیا ہیں، اور ان کا مدعا کیا ہے، کہ جو لوگ یہاں برملا یہ کہتے ہیں اور وہ اسلام کے اظہار کی جرأت نہیں کر سکتے کہ پیپلز پارٹی کا مقصد اور مدعا سیکولر ازم ہے ایسے لوگوں کو آگے لایا جا رہا ہے اور ان کو اعزازات دیئے جا رہے ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ اسلام کو اس ملک سے سازش کے تحت نکالا جا رہا ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ ہمارے وزیر قانون گیلانی صاحب نے روزنامہ "جنگ" کو انٹرویو دیتے ہوئے ارشاد حقانی کے بار بار پوچھنے پر فرمایا تھا آپ آٹھویں ترمیم کا تذکرہ بار بار کرتے ہیں، اس سلسلے میں جو اسلامائزیشن ہوا ہے، اسلامی قوانین نافذ ہوئے ہیں، ان کے متعلق آپ کا نظریہ کیا ہے کہ ان کے ساتھ کیا کیا جائے گا انہوں نے پہلے ایک دو مرتبہ اس کا جواب گول کر دیا لیکن تیسری دفعہ پوچھا گیا تو اس نے کہا کہ اس سلسلے میں ہم نے آج تک اپنا ذہن صاف نہیں کیا، اپنے خیالات کا اظہار نہیں کیا، اور اس پر ہم سوچ رہے ہیں، آپ اندازہ لگائیے جناب والا! کہ ہمارے دستور میں شروع ہی سے آرٹیکل ۲ میں کہہ دیا گیا ہے کہ اسلام ہمارے ملک کا مذہب ہے، قرار داد مقاصد کو دستور کا حصہ بنا دیا گیا ہے اب اس کے بعد بھی اگر وزیر قانون کا ذہن بھی اسلامی قانون کے متعلق واضح اور صاف نہیں ہے، تو اس کا مقصد یہ ہے کہ ان کی اس دستور سے وفاداری نہیں ہے، جس کا انہوں نے حلف اٹھایا ہے اس دستور پر انہیں شکوک ہیں اور اسی دستور میں وہ اس بنیادی چیز کو نکالنا چاہتے ہیں لہٰذا میں گزارش کروں گا کہ۔۔ (مداخلت)

<u>جناب ڈپٹی چیئرمین :</u> سردار ہاشم صاحب ذرا اونچا سنتے ہیں، یہ مداخلت نہیں ہے۔

**قاضی عبداللطیف** : میں گزارش کرتا ہوں کہ میری تقریر میں مداخلت تو نہیں ہے، لیکن اگر انہوں نے آپس میں بات کرنی ہے تو باہر جا کر بیٹھ جائیں،

**جناب ڈپٹی چیئرمین** : ایک ہاشم خان ہیں اور ایک سردار ہاشم ہیں، میری ان سے گزارش ہے کہ وہ مداخلت نہ کریں۔

**قاضی عبداللطیف** : تو میں گزارش کر رہا ہوں کہ وزیر قانون اس ملک کی ایک بنیادی آسامی ہے یہ اس ملک کو قانون دینے والے ہیں اگر وہ بھی یہ کہتے ہیں کہ اسلام کے بارے میں ان کا ذہن اس وقت صاف نہیں ہے اور ہم اس پر سوچ رہے ہیں تو پھر اس ملک کا خدا ہی حافظ ہے ؎

چوں کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی

تیسری بات ٹیلی ویژن کا طرز عمل اور اس کی پالیسی۔ اس سے صاف واضح ہے کہ دنیا کو یہ باور کرایا جا رہا ہے کہ یہ ملک لا مذہب ہے اور اس ملک میں وہ تہذیب نہیں ہے کہ جسے اسلامی تہذیب کہا جاتا ہے اور اس ملک کا نشست و برخاست وہ نہیں ہے کہ جسے اسلامی تہذیب کہا جاتا ہے۔ اس کا معنی یہ ہے کہ دنیا کے اندر ہمیں اس نوعیت سے پیش کیا جا رہا ہے کہ گویا ہم کسی مذہب، کسی عقیدے اور کسی نظریئے کی بنیاد پر قائم نہیں بلکہ ہم جو چاہیں وہی کر سکتے ہیں۔ مجھے افسوس ہے کہ اس سلسلے میں صدر محترم کی ذمہ داری صرف اتنی نہیں ہے کہ وہ وعظ کہہ دیں۔ ان کی ذمہ داری ہے کہ وہ ان معاملات کا دوبارہ نوٹس لیں کہ جو رہنمائی کی گئی ہے اور جو یقین دہانیاں ملک اور قوم کو کرائی گئی ہیں ہمیں اس طریق کار سے چلنا ہے اور یہ ہمارے بنیادی مقاصد ہیں اسی پر توجہ دینا اور کنٹرول کرنا یہ صدر محترم کے فرائض میں سے ہے۔

چوتھی بات یہ ہے کہ اس چھ مہینے کے عرصے میں ہم دیکھ رہے ہیں کہ باہر کی کمیونسٹ انجمنوں کو یہاں آنے کی دعوتیں دی جا رہی ہیں جب کہ اس سے پہلے یہ سلسلہ نہیں تھا۔ اس لیے کہ ہمارے تعلقات ان ممالک کے ساتھ زیادہ

[Qazi Abdul Latif]

تھے جو مسلمان ہیں اور ان کی تہذیب اسلامی ہے اور جن کا دین اسلام ہے۔ میں یہ نہیں کہتا کہ دوسرے ممالک کے ساتھ ہمارے تعلقات نہیں ہونگے، دوسرے ممالک کے ساتھ بھی ہمارے تعلقات ہوں گے اور پڑوسی کے ناتے سے ہم ان سے یہ آمدو رفت بھی کریں گے۔ ان سے تجارتی معاملات لین دین بھی کریں گے۔ لیکن انکی تہذیب کو ہمارے سامنے پیش نہ کیا جائے بلکہ یہاں تو یہ کوشش ہے کہ ان کی تہذیب کو ہماری تہذیب سے برتر دکھلایا جا رہا ہے۔ لہذا میری گزارش ہے کہ اگر اسلام کو اس ملک سے بدر کرنے کی کوشش کی گئی تو یہ ملک قائم نہیں رہ سکے گا جو نہ صرف ہماری بدقسمتی ہو گی بلکہ یہ اس علاقے کی بھی بدقسمتی ہوگی۔

دوسری بات جمہوریت کی ہے جمہوریت کے سلسلے میں معزز اراکین بہت کچھ کہہ چکے ہیں بلوچستان کا تذکرہ بھی آیا ہے پنجاب کے خلاف جو منظم اور گھناؤنی سازش چلائی گئی تھی اس کا تذکرہ بھی ہو چکا ہے۔ غیر نمائندہ مشیروں تقرری کی اور پیپلز پروگرام کا تذکرہ بھی آگیا ہے اور دعویٰ ہے کہ اس سے سے بیروزگاری کو ختم کریں گے لیکن دوسری جانب سے نئی روشنی کے اٹھارہ ہزار افراد کو بے روزگار کر دیا گیا ہے اور مجھے افسوس ہے کہ ہمارے دوست جاوید جبار صاحب نے وزیر تعلیم کی جانب سے غالباً ۱۸، فروری کو اس ایوان میں یہ یقین دہانی کرائی تھی کہ نہ تو اس سکیم کو صوبوں کی تحویل میں دیا جا رہا ہے اور نہ کسی کے بے روزگار ہونے کا سوال پیدا ہوتا ہے۔

اب سوچنے کی بات ہے کہ یہ جمہوریت کا کونسا طریقہ ہے کہ سابقہ حکومت کے جتنے بھی کردار ہیں۔ جتنے بھی اعمال ہیں ان سب کو اکھاڑا جائے چاہے وہ اچھے ہوں یا برے اس لیے کہ یہ ان کے نشانات ہیں۔ اگر یہ کھیل اس طرح جاری رہا اور آنے والی حکومت جانے والی حکومت کے منصوبوں کو اکھاڑتی رہی تو ہم کبھی بھی آگے نہیں بڑھ سکیں گے اور ہمیشہ اکھاڑ پچھاڑ میں مصروف رہیں گے جو ملک کی انتہائی بدنصیبی ہوگی۔ وقت کی کمی کی وجہ سے شاید صدر صاحب کے تمام نکات پر اظہار خیال نہ کر سکوں۔ تاہم ایک خصوصی امر کی طرف توجہ

دلاؤں گا۔ وہ تیسری بات جو انتہائی افسوس ناک ہے وہ یہ ہے کہ اخبارات کی چھ ماہ کی فائلوں کو دیکھنے سننے سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ ایک بنے بنائے منصوبے کے تحت عدلیہ، فوج، اور صدر کی کردار کشی کی جا رہی ہے میری سمجھ میں یہ نہیں آتا کہ اس سے کس کو فائدہ پہنچانا مقصود ہے۔

اے چشم اشک بار ذرا دیکھ تو سہی
یہ گھر جو بہہ رہا ہے کہیں تیرا گھر نہ ہو

عدلیہ کو بے اعتماد کرنے کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ پرسوں کے اخبار میں آپ نے پڑھا ہو گا۔ انصار برنی صاحب نے کہا ہے کہ پاکستان میں پھانسی پانے والے ۸۰ فیصد لوگ بے گناہ ہوتے ہیں۔ اور یہ کہ پاکستان میں انصاف بکتا ہے میں گزارش کروں گا کہ اس کا نوٹس ماہرین قانون، وکلا اور عدلیہ کو لینا چاہیئے۔ ہمارے پاس صحیح یا غلط عدلیہ کا ایک نظام قائم ہے آپ نے اس کو عدالت کے اختیارات دیئے ہیں۔ آپ نے کہا ہے کہ مظلوم وہاں جاکر اپنی داد رسی کے لیے درخواست دے سکتا ہے فریاد کر سکتا ہے ان کے لیے ایک طریق کار متعین ہے۔ اگر اس طریق کار سے آپ کا اتفاق نہیں تو ترمیم کر کے طریق کار کو تبدیل کر دیں۔ لیکن اس طریق کار کے ہوتے ہوئے اسے تسلیم کرتے ہوئے اور عدالتوں کی پوزیشن کو تسلیم کرتے ہوئے جن لوگوں کو ان عدالتوں نے باقاعدہ ثبوت کے بعد سزائیں دی ہیں، ان کو آپ شہید کہیں ان کو آپ تمغے دیں انعامات دیں اور برملا یہ اعلان کیا جائے کہ جن لوگوں نے اس دور کے اندر جتنی جتنی قیدیں کاٹی ہیں وہ ان کی تفصیلات ہمیں بتلائیں ان کو انعامات و تمغے دیئے جائیں گے تو یہ کس کی توہین ہے یہ عدالت کو بے وقعت بنانا اور عدالتوں سے لوگوں کا اعتماد اٹھانا ہے اگر عدالتیں با اعتماد نہیں رہیں گی تو آپ اندازہ لگایئے کہ اس کا حال یہی ہو گا جو آج سندھ میں ہو رہا ہے۔ سندھ کے لوگوں کو عدالتوں پر اعتماد نہیں رہا۔ انتظامیہ پر اعتماد نہیں رہا۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ انتخابات سے پہلے کہا جا رہا تھا کہ ہمارے تمام مسائل کا حل صرف اور صرف انتخابات ہیں صرف اور صرف ووٹنگ ہے وہ ووٹنگ اور انتخابات بھی ہو گئے ہیں اس کے نتیجے میں کچھ لوگ برسراقتدار بھی آ گئے ہیں

[Qazi Abdul Latif]

میں پوچھتا ہوں کہ اس کے بعد اس علاقے میں کونسا امن قائم ہوا ہے۔ ہمارے ایک قابلِ احترام سینیٹر صاحب نے اخبار میں بیان دیا تھا کہ ایم کیو ایم والوں کو مستعفی ہو جانا چاہیئے اس لیے کہ انہوں نے امن کی اپیل کی ہے، اور پھر بھی امن قائم نہیں ہوا۔ معلوم ہوتا ہے کہ ان کے حلقے والوں کو ان پر اعتماد نہیں ہے۔ لیکن میں اپنے محترم سینیٹر صاحب سے یہ بھی گزارش کروں گا کہ اس کے ساتھ ساتھ اگر آپ یہ بھی کہہ دیتے کہ پیپلز پارٹی والوں پر بھی ان کو اعتماد نہیں رہا کیا پیپلز پارٹی والوں نے وہاں اپیل نہیں کی۔ انہوں نے وہاں یہ نہیں کہا یا انہوں نے اگر اپیل نہیں کی یا نہیں کہا یا اس طرف توجہ نہیں دی تو پھر اس کے معنی یہ ہیں کہ وہ دیدہ دانستہ ایسا کر رہے ہیں۔ میں گزارش کروں گا کہ آخر اس کا فائدہ کس کو پہنچ رہا ہے۔ اگر عدلیہ بے اعتماد ہو جاتی ہے۔ عدلیہ کے خلاف اس نوعیت کی بیانات بازی ہو تو بتایئے کہ لوگ کہاں جائیں گے۔ انصاف مانگنے کے لیے کونسا دروازہ ہے جب آپ اس دروازے کو بند کرتے ہیں اور دوسرا دروازہ آپ نے کھولا نہیں ہے نہ دوسرا قانون آپ نے دیا ہے۔ نہ متبادل انتظام کیا ہے تو آپ اندازہ لگایئے کہ اس کا نتیجہ سندھ والا نہیں ہو گا تو کیا ہوگا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ پیپلز پارٹی صرف اور صرف بحرانوں کی پیداوار ہے اور وہ یہاں بحرانوں کی بنیاد پر زندہ رہنا چاہتی ہے۔

دوسری بات جو اس سے بھی زیادہ خطرناک ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ پاکستان کی اپنی بنائی ہوئی پالیسی نہیں ہو سکتی. فوج کے خلاف جو کردار ادا کیا جا رہا ہے اور ہر موقع پر یہ کہا جا رہا ہے کہ یہ آمرانہ دور کی یادگاریں ہیں یہ آمرانہ لوگ ہیں اور اس کا سب سے پہلا وار انہوں نے آئی ایس آئی پر کیا ہے اور اعلان کر دیا تھا کہ ہم نے اس کے کردار کو محدود کر دیا ہے۔ ہم پوچھتے ہیں کہ آئی ایس آئی کا وہ دائرہ کار کس کے کہنے پر محدود کیا گیا ہے دنیا کے اندر سراغ رساں ایجنسیاں موجود ہیں امریکہ کی سراغ رساں ایجنسی بھی ہے روس کی بھی ہے جاپان کی بھی اسرائیل کی بھی ہے بھارت کی بھی ہے افغانستان کی ہے اور یہ آپ ہی کی آئی ایس آئی کا کردار تھا کہ انہوں نے اس گیارہ سال کے اندر دشمن کے

بڑے بڑے خطرناک منصوبوں کو ناکام بنایا۔ یہ اسی کا کمال تھا۔ اور دنیا کے اندر اس کو تیسرے اور چوتھے درجے کی ایجنسی کہا جاتا تھا۔ لیکن اس کو بدنام کرنے کے لیے خصوصیت سے ایک مہم چلائی گئی ہے اور اخبارات میں ان کے خلاف بیانات آ رہے ہیں میں کہوں گا کہ اسی کے نتیجہ میں راجیو کہتا ہے کہ بے نظیر ٹھیک ہے لیکن فوج گڑبڑ کر رہی ہے یہ کیا ہو رہا ہے بے نظیر اور فوج کے درمیان اگر بعد پیدا کیا جا رہا ہے اس کا فائدہ کس کو پہنچے گا۔ اور پھر بے نظیر کے ساتھ اپنے آپ کو زیادہ قریب کرنے کے لیے راجیو اسے پیغام بھیجتا ہے کہ آپ کے قتل کا منصوبہ سکھوں نے بنایا ہے آپ اپنا تحفظ کریں۔ اندازہ لگائیے ایک طرف سے فوج کو اس نوعیت سے اپنے عوام کے سامنے پیش کیا جا رہا ہے کہ گویا وہ اپنے ملک کے عوام کی آزادی کی دشمن ہے۔ یہ تاثر اخبارات کی فائلیں اور ہمارے لیڈروں کے بیانات سے دیا جا رہا ہے اگر فوج اور عوام کے درمیان اعتماد نہیں رہے گا تو پھر مشرقی پاکستان کا سا نتیجہ ہوگا وہاں ہم نے فوج تو بھیجی تھی لیکن وہاں کے عوام کا اعتماد ان پر نہیں تھا اور وہاں کے عوام نے ان کے ساتھ تعاون نہیں کیا تھا اس کا حشر کیا ہوا۔

دوسری جانب افغانستان کی مثال آپ کے سامنے موجود ہے کہ وہاں روس کے جدید ہتھیاروں والے ماہرین اور جدید مسلح افواج جس کے ساتھ افغانستان کے عوام کا تعاون نہیں تھا اس کا حشر کیا ہوا۔ ویت نام میں امریکہ کی فوج کا حشر کیا ہوا آپ اگر اپنی فوج سے اپنی عوام کو بدظن قرار دیتے ہیں اور اسی پالیسی پر گامزن ہیں تو آپ اندازہ لگائیے خدا نخواستہ اگر کل پاکستان پر کوئی برا دن آتا ہے اور آپ کی فوج آگے بڑھتی ہے آپ کے عوام کا تعاون اس کے ساتھ نہیں ہوتا۔ تو آپ یقین کیجئے آپ کی فوج ان کا مقابلہ نہیں کر سکے گی۔ خدا نخواستہ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک باقاعدہ منصوبہ ہے۔ ایک طرف سے تو ہندوستان نے افغانستان میں اپنی افواج بھیج دی ہیں اپنی فضائیہ بھیج دی ہے دوسری جانب سے یہ پروپیگنڈا کرایا جا رہا ہے کہ شمالی علاقہ جات

[Qazi Abdul Latif]

کو اپنے حقوق دو، ان کو پاکستان سے علیحدہ کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے یہ پاکستان سے بدظن کرنے کی کوشش ہے۔ تیسری جانب سندھ کے سابق وزیر مذہبی امور حافظ تقی محمد کا بیان آیا ہے کہ سندھ میں ہندوستان کی کرنسی عام چل رہی ہے اور سندھ کے اندرونی حصے میں سرکاری عمارات پر بھی پاکستانی جھنڈا لہرانا ناممکن بن گیا ہے۔ آج تک اس کی تردید نہیں ہوئی۔ آپ اندازہ لگایئے میں کیسے باور کروں کہ یہ ہمارا بنایا ہوا منصوبہ ہے مجھے یقین ہے کہ یہ کسی اور کا بنایا ہوا ہے اور ہم اسی پر چل رہے ہیں۔

انہی کے مقصد کی کہہ رہا ہوں
زبان میری ہے بات ان کی
انہی کی محفل سنوارتا ہوں
چراغ میرا ہے رات ان کی

ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جیسے ایک بنی بنائی پالیسی ہم پر مسلط کی جا رہی ہے اور ہندوستان کو اس علاقے کا چیئرمین تسلیم کرانے کی سازش ہو رہی ہے۔ ہم کسی کے خلاف جنگ کرنے کے قائل نہیں ہیں نہ متحمل ہیں۔ نہ ہم یہ کہتے ہیں اور نہ ہم اس کے برداشت کرنے کے قابل ہیں۔ نہ ہم نے کبھی محاذ آرائی کی ہے چین کے سفیر نے از راہِ کرم آج ہی بیان فرمایا ہے کہ پاکستان اور بھارت بھی اپنے تعلقات معمول پر لے آئیں۔ روس کے ساتھ مصالحت کے بعد پاک چین تعلقات میں فرق نہیں آئے گا۔ ہمیں اس کی تو خوشی ہے لیکن میں یہ گزارش کروں گا کہ ہم نے اپنے تعلقات بگاڑنے کی نہ کبھی کوشش کی ہے نہ ہمارے اندر یہ طاقت ہے۔ نہ ہمارے وہ وسائل ہیں جو لوگ اپنے ملک میں امن و امان قائم نہیں کر سکتے وہ کیسے سوچ سکتے ہیں کہ ہم کسی دوسرے ملک کے ساتھ تعلقات کو بگاڑنا ہے۔ یہ ہمارے تصور میں بھی نہیں آ سکتا لیکن یہ الزام ہم پر ٹھونسا جا رہا ہے۔ صرف اتنی بات نہیں ہے میں اپنے نوجوان محترم ممبر کی خدمت میں بھی یہ گزارش کروں گا جو نیشنل پارٹی کا ہے کہ کیا ولی خان کے خطوط اس زمرے میں نہیں آتے کہ فوج سے عوام کو متنفر کیا جائے

اور پروپیگنڈا کیا جائے کہ آپ کی فوج مداخلت کر رہی ہے اور یہ دشمن کے لیے فضا ہموار کی جا رہی ہے۔ تاکہ اگر کل وہ یہاں پر حملہ کرے تو ہمارے عوام اپنی فوج پر گولیاں چلائیں اور انہیں یہ کہیں کہ آپ نے مداخلت کی تھی انہوں نے صراحتاً یہ کہا ہے کہ ہماری فوج مداخلت کر رہی ہے ہماری فوج وہاں رہنمائی کر رہی ہے پاکستان کی فوج وہاں پر موجود ہے۔ پاکستان کی فوج کا نام لے کر خطوط میں کہا گیا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ فوج کو بدنام کرنے کی بھونڈی سازش ہے۔ عدلیہ کو ناکام بنانے کی ایک بھونڈی سازش ہے۔ صدر کو بھی بے اعتماد بنانے کی سازشیں کی جا رہی ہیں۔ آپ اندازہ لگائیے کہ رانا شوکت محمود پنجاب پیپلز پارٹی کا صدر ہے۔ وہ کہتا ہے کہ صدر کو آئین کے اندر رہتے ہوئے ہمیں مشورہ دینا چاہیئے۔ بھئی آپ صدر سے مل کر ان سے بات کریں۔ کیا صدر نے غیر آئینی مشورہ آپ کو دیا ہے۔ کیا صدر غیر آئینی اختیارات استعمال کر رہا ہے؟ غیر آئینی طریقے پر چل رہا ہے۔ میں پوچھتا ہوں کہ جناب والا! صدر محترم کا یہ مقام نہیں ہے کہ وہ صرف وعظ کہہ دے میں عرض کروں گا یہ صدر محترم کا فرض ہے پیپلز پارٹی کے سنجیدہ اور ان لوگوں کا کہ جن کے دل میں ملک اور وطن کی محبت ہے۔ ان کا فرض ہے۔ فوج کا فرض ہے اعلیٰ عدالتوں کا فرض ہے کہ وہ اس کا نوٹس لیں کہ یہ کیا ہو رہا ہے۔ ہم کیسے خاموش رہ سکتے ہیں کہ یہ تو ہمارے خلاف سازش ہو رہی ہے یہ تشدد تو ہم ہی پر ہو گا۔ اگر یہ تشدد ہمارے اوپر ہے اور ہمارے ملک کے خلاف ہو رہا ہے تو کیا ہمارا یہ فرض نہیں ہو گا کہ ہم چلائیں ہمیں چلانے کا حق بھی نہیں ہے میں گزارش کروں گا کہ یہ ایک انتہائی بھونڈی سازش جو کی جا رہی ہے کہ فوج کو، عدلیہ کو اور اعلیٰ اداروں کو بے اعتماد بنایا جائے اگر یہ ادارے بے اعتماد ہو جاتے ہیں تو آپ خود اندازہ لگائیے کہ ہم اس ملک کے تحفظ کی درخواست کس سے کریں اور ہمارا وہ ادارہ کیا ہو گا کہ یہاں پر ہم اس کے متعلق کہہ دیں کہ خدا کے لیے اب ملک پہ یہ برا وقت آیا ہوا ہے اس کا تحفظ کر دیں میں سمجھتا ہوں کہ ہندوستان ہمارا گھیراؤ

[Qazi Abdul Latif]

کر رہا ہے افغانستان میں فوجیں بھیج کر کے، یہ افغانستان میں مداخلت نہیں ہے یہ پاکستان کا گھیراؤ ہے۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین** : قاضی صاحب، تقریباً ایک گھنٹہ ہونے کو ہے اور یہ سارے نکات آپ دو تین مرتبہ کہہ چکے ہیں کوئی نئی بات کہیں تو مہربانی ہو گی۔

**قاضی عبداللطیف** : آپ کی بڑی عنایت، میں اتنی گزارش کروں گا۔

نمی دانم زمن گریہ مقصد چیست ناصح را

دل ازمن دیدہ ازمن آستین ازمن فغان ازمن

ہمیں رونے بھی نہیں دیتے۔ بھئی ہمیں رونے تو دو۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین** : اتنا بھی نہ رو لیں کہ سننے والے عادی ہو جائیں۔

**قاضی عبداللطیف** : سوال یہ ہے کہ اگر میں نے سابقہ تقاریر میں سے کوئی تقریر دہرائی ہے تو پھر ٹھیک ہے آپ فرما دیں کہ میں اس کو ختم کر دوں لیکن اگر میں نے اس کا اعادہ نہیں کیا ہے اور آپ ہمیں صدر کی تقریر پر کچھ کہنے کے لیے فرما رہے ہیں تو صدر جو ملک کے مستقبل کا ضامن ہے اس نے ماضی حال اور مستقبل تینوں ہمارے سامنے رکھے ہیں اور پھر ہم ۶ مہینے کی کارروائی کا جائزہ بھی نہ لیں تو میری سمجھ میں نہیں آتا کہ میں کیا کروں۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین** : میرے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ میرے آنے سے پہلے ہی ایوان نے فیصلہ ۱۵ منٹ کا کیا تھا اور ابھی تقریباً ایک گھنٹہ ہونے کو ہے اور آپ نے میرے خیال میں کچھ چھوڑا بھی نہیں ہے۔

**قاضی عبداللطیف** : میں تو یہ عرض کروں گا

وسعت پیدا کن اے صحرا کہ امشب در غم اش

لشکر آہ من از دل خیمہ بیرون می زند

آج تو ہم نے اپنی آہ نکالنی ہے اور آپ اندازہ لگائیے کہ تقریباً ایک مہینے سے ہمیں کہا جا رہا تھا، کہ جو کچھ کہنا ہے صدر کی تقریر میں کہہ لینا۔ بہرحال

آپ جس طریقے سے فرمائیں گے ہیں تو اتنی گزارش کروں گا کہ اس وقت جو کچھ ہمارے ساتھ ہو رہا ہے میرے نزدیک وہ انتہائی خطرناک ہے اور صدر کو، اس ایوان کو اور ملک کی اپر کلاس کو اس کا نوٹس لینا چاہیئے ہم بڑے خطرناک موڑ پر ہیں اور ہم سمجھتے ہیں کہ یہ ہماری پالیسیاں ہماری اپنی بنائی ہوئی نہیں ہیں اور میں کسی پر بد دیانتی کا الزام لگانے کے حق میں نہیں ہوں۔ میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ وہ بد دیانتی سے ایسا کر رہے ہیں البتہ مجھے یہ حق ہے کہ میں یہ کہوں کہ

فلک نے ان کو عطا کی ہے خواجگی کہ جنہیں
خبر نہیں رسم بندہ پروری کیا ہے

اتنی بات تو میں کہوں گا کہ شاید ان کو یہ پتہ بھی نہیں ہے کہ طریق کار کیا ہوتا ہے نا تجربہ کار ہیں اپنے دوست جاوید جبار سے ہمارا واسطہ رہا ہے وہ نا تجربہ کار ہیں نئے نئے آئے ہیں لیکن دوسرے ان سے بھی زیادہ نا تجربہ کار ہیں بہر حال میری گزارش ہو گی کہ صدر محترم نے جو کچھ ارشادات فرمائے تھے ہم ان کے مشکور ہیں لیکن اس پر عمل کرانا یہ صدر محترم اور ان لوگوں کا فرض ہے کہ جن کو جمہوریت کا تمغہ دیا گیا ہے۔ صرف اتنی بات نہیں ہے کہ جمہوریت کا تمغہ لے کر وہ بیٹھ جائیں اب جمہوریت کی نگرانی کرنا اس کی پاسداری کرنا اس کی آبیاری کرنا یہ بھی انہی کا فرض ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین :- قاضی صاحب میرے خیال میں ان کو نا تجربہ کاری کی کچھ رعایت تو دیں گے۔ جی گیلانی صاحب،

سید افتخار حسین گیلانی :- جناب چیئرمین صاحب! اگر اجازت ہو تو میں ذاتی وضاحت پر عرض کروں گا کیونکہ معزز سینیٹر صاحب نے میرا نام لیا اور میں اس سے پہلے بھی اس ایوان میں عرض کر چکا ہوں کہ دین کے معاملے میں یہ جو ٹھیکیداری کی روش اس ملک میں چل نکلی ہے اس کو اب ہمیں ترک کرنا چاہیئے میں نے وہ بیان یا آٹھویں ترمیم کے متعلق گفتگو بحیثیت ایک ادنیٰ قانون دان کے کی تھی اس پر مجھے بڑا دکھ ہوا کہ کسی کی ذات پر اعتراض کرنا کہ یہاں خدا نخواستہ دین اسلام... ہم سب ایک دوسرے کو بڑی اچھی طرح سے جانتے ہیں، بڑا چھوٹا سا ملک

[Syed Iftikhar Hussain Gilani]

ہے، پھر جس صوبے سے میں آیا ہوں بڑا چھوٹا سا صوبہ ہے ہمارے خاندان ایک دوسرے سے چھپے ہوئے نہیں ہمارے کردار ایک دوسرے سے چھپے ہوئے نہیں لیکن بحیثیت مسلمان کے میرا ایمان ہے بحیثیت ایک سید ہونے کے مجھے یہ حق نہیں پہنچتا کہ میں کسی مسلمان، کسی کلمہ گو کے متعلق یہ کہوں کہ خدا نخواستہ اس کی نیت اسلام کے متعلق اچھی ہے یا نہیں ہے کیونکہ جیسے میں پہلے عرض کر چکا ہوں کہ وہ حساب حشر کے دن اللہ تعالےٰ کے حضور ہو گا میں نے اس وقت بحیثیت قانون دان کے یہ بات کہی تھی کہ آٹھویں ترمیم میں مجھے نظر نہیں آتیں وہ کون سی باتیں آپ مجھے بتا رہے ہیں کیونکہ ۱۹۷۳ء کے آئین میں یہ بات بڑی صاف اور واضح لکھی جا چکی ہے پہلے دن، جب ۱۹۷۳ء میں آئین بنا تو اس وقت کے علمائے کرام نے، ہم ان کا تب بھی احترام کرتے تھے آج بھی کرتے ہیں کہا ہاں یہ (دستور) اسلامی ہے اس آئین میں پہلے دن یہ بات کہی گئی کہ اس ملک میں کوئی قانون ایسا نہیں بنایا جائے گا جو کہ قرآن اور سنت نبوی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے ارشادات کے خلاف ہو اس لیے میں نے کہا کہ مجھے سمجھ نہیں آتی' اس کے علاوہ کون سی بات کا آپ ذکر کر رہے ہیں اس میں صرف ایک بات ہے، شرعی عدالتوں کا قیام، اس پر جب آپ حکم کریں گے میں عرض کروں گا اس پر دو آراء ہو سکتی ہیں، اس پر تین آراء ہو سکتی ہیں'

On the establishment of Shariat Courts - Yes, I have my opinion.

اس کو میں بالکل نہیں سمجھتا کہ وہ ..... مجھے قانون نہیں چاہیئے اللہ کو سجدہ کرنے کے لیے' مجھے قانون نہیں چاہیئے کلمہ پڑھنے کے لیے مجھے قانون نہیں چاہیئے حج کرنے کے لیے مجھے قانون نہیں چاہیئے اللہ تعالےٰ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے احکامات ماننے کے لیے میرا یہ ایمان ہے۔ نہ میرا ایمان اتنا کچا ہے کہ خدا نخواستہ قانون نہ ہوا تو میرے اسلام میں کبھی فرق نہیں آئے گا جب تک یہ دنیا رہے گی، جب تک یہ کائنات رہے گی اسلام قائم رہے گا میرا یہ ایمان ہے۔ مجھے بڑا دکھ ہوتا ہے کہ جب میں ذاتی نام لے کر کہ

جی فلاں کی یہ بات . . . . . میں پھر یہ کہتا ہوں کہ ہم سب اللہ تعالےٰ کے فضل سے مسلمان ہیں لیکن میں آپ کی وساطت سے استدعا کروں گا کہ خدا را اس روش کو اب چھوڑ دیجیئے کہ یہ اسلام کے سرٹیفکیٹس دینا یہ کہیں نہیں ہے، یہ رہبانیت میرے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ختم کی ہے، پہلی دفعہ انہوں نے کہا کہ اسلام میں کسی راہب کی ضرورت نہیں، اللہ تعالےٰ اور تم "ڈائریکٹ" تمہارا لنک ہو گا۔

ہمیں نہیں چاہیئں راہب، میرے دین میں نہیں ہیں راہب، کوئی پوپ نہیں ہے میرے دین میں، کوئی ویٹیکن نہیں ہے میرے دین میں اور میرا رب تعالےٰ جتنا اسلام کو میں سمجھتا ہوں ان پڑھ سے ان پڑھ مسلمان بھی مجھ سے بہتر سمجھتا ہے، میں کبھی یہ بات نہیں کہوں گا، میں کبھی یہ جرأت نہیں کروں گا کہ اپنے رب کے دین کے متعلق یہ بات کروں بڑا سادہ دین ہے، بڑی سیدھی بات ہے اطاعت ہے میرے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اور اطاعت ہے میرے رب اللعالمین کی یہ ہے میرا دین، اب اس میں یہ باتیں کرنا، میں پھر دہراتا ہوں میں نے یہی کہا تھا میں آج بھی کہتا ہوں کہ اس ۱۹۷۳ کے آئین میں یہ بات بڑی صاف لکھی گئی ہے ہم نے یہ کبھی نہیں کہا کہ ۱۴ سال کے عرصے کو مت پڑھو اس طریقے سے کہ وہ ۱۱ سال مارشل لاء کے کیونکہ Constitutional deviation تھی Therefore, that period should not be reckoned. ہم نے تو عدالتوں میں یہ بھی نہیں کہا میں نے رٹ پٹیشن کی تھی جوڈیشری اور اسلام کے متعلق پشاور کی ہائی کورٹ میں جس میں تحریری جواب اس وقت کی حکومت کا یہ آیا تھا

> 14 years should not be reckoned from 1973, this period should be excluded.
>
> Goldforbid, as if that is not a period of Islam.
> That is also a period of Islam.

میں کہتا ہوں، میں صرف یہ explanation دینا چاہ رہا تھا۔ اس آئین کی قانونی بات تھی جو میں پھر دہراتا ہوں کہ اس آئین میں کوئی مبہم بات نہیں

[Syed Iftikhar Hussain Gilani]

ہے اور آٹھویں ترمیم میں، جب بھی بحث ہو گی میں چاہوں گا کہ آٹھویں ترمیم میں وہ باتیں مجھے دکھائی جائیں کہ جو کہی جاتی ہیں کہ جی وہ اس سے بڑھ کر ہیں جو کہ آئین میں پہلے موجود تھیں۔ شکریہ!

**قاضی عبداللطیف:** پوائنٹ آف آرڈر، میں نکتۂ وضاحت پر عرض کرتا ہوں کہ میں وزیر قانون کا مشکور ہوں کہ انہوں نے اپنی ہی زبان سے میری تصدیق کر دی کہ میں مذہب کے متعلق قانون کو نہیں مانتا اور وہ ہمارا اور خدا کا معاملہ ہے جبکہ اسی بنیاد پر آج دنیا میں اختلاف ہے کہ کیا مذہب انسان اور خدا کا پرائیویٹ معاملہ ہے یا سیاست کے اندر بھی اس کا کوئی کردار ہے یا ملکی قوانین کے اندر بھی اس کا کوئی کردار ہے یا نماز کے لیے بھی اس کا کوئی قانون ہے یا حج کے لیے بھی اس کا کوئی قانون ہے روزے کے لیے بھی اس کا کوئی قانون ہے معاملات کے لیے بھی اس کا کوئی قانون ہے اور مزاجارات کے لیے بھی اس کا کوئی قانون ہے یا نہیں ہے تعزیرات بھی اس کے اندر ہیں یا نہیں ہیں اختلافات اسی پر ہے اور انہوں نے از راہِ مہربانی یہ خود ہی تسلیم کر لیا ہے کہ میں مذہب کے سلسلے میں اس کو قانون نہیں مانتا اس کے بعد میں اس کے متعلق کیا کہوں انہوں نے خود ہی تشریح فرما دی ہے۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین:** شکریہ قاضی صاحب میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے صرف عبادات کے متعلق اپنے عقیدے کے متعلق نماز یا روزہ یا زکواۃ . . .

**قاضی عبداللطیف:** عبادات کے لیے بھی تو کوئی قانون ہے عبادات معاملات مزاجارات یہ سارے مذہب کے اجزا ہیں اگر یہ سارے مذہب کے اجزا ہیں اور تمام کے قوانین موجود ہیں جب تمام کے لیے قوانین موجود ہیں تو عبادات کے لیے بھی تو قوانین موجود ہیں اور وہ یہ کیوں کہتے ہیں کہ یہ صرف میرا اور خدا کا معاملہ ہے یہ وہی عقیدہ ہے جو عیسائیت کا ہے اور جنہوں نے علماء کو پوپ کہہ کر بدنام کر دیا تھا ہم نے کبھی اس پر اجارہ داری نہیں قائم کی ہم نے کہا ہے کہ جو قرآن و سنت پڑھتا ہے وہ عالم ہے۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین:** قاضی صاحب تشریف رکھیں میرے خیال میں

اس پر پھر کسی وقت آپ کو آپس میں چیمبر میں بٹھا کر بات کرالیں گے۔

**سید افتخار حسین گیلانی:** پوائنٹ آف پرسنل ایکسپلینیشن پر بحث نہیں ہو سکتی ہے اور پھر بھی مسٹر چیئرمین ذاتی حملے . . . .

**Mr. Deputy Chairman:** I would not allow any debate on this.

**Syed Iftikhar Hussain Gilani:** According to rules. قانون کو فالو کیا جائے

**جناب ڈپٹی چیئرمین:** اس معاملے کو ہاؤس کے باہر sort out کر لیں گے۔

(مداخلت)

**جناب ڈپٹی چیئرمین:** ہاؤس کے باہر آپ لوگوں کو بٹھا لیتے ہیں پھر جو غلط فہمی ہے وہ دور کر لیں گے۔

**قاضی عبداللطیف:** میں گزارش کروں گا کہ میں نے کوئی ذاتی حملہ کیا ہے تو میں اس کی معذرت چاہتا ہوں لیکن انہوں نے اخبار میں بیان دیا تھا اور ان کا جواب دینا میرا فرض تھا . . . .

**جناب ڈپٹی چیئرمین:** قاضی صاحب میرے خیال میں آپ کو چیمبر میں بٹھا لیں گے اور اگر مناسب ہوا تو اس پر ڈبیٹ کروا لیں گے۔

**جناب آصف فصیح الدین وردگ:** جناب چیئرمین! یہ ان کے درمیان معاملہ نہیں ہے انہوں نے ہاؤس کے اندر بات کی ہے اور ہاؤس کے اندر جواب دے رہے ہیں۔

**Mr. Deputy Chairman:** Mr. Muhammad Ali Khan, please continue the debate.

**جناب محمد علی خان:** بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ جناب چیئرمین صاحب صدر پاکستان غلام اسحاق خان صاحب نے پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے اپنے نہایت ہی جامع، ہمہ گیر اور فکر انگیز خطاب میں قریب قریب ان تمام مسائل کا احاطہ کیا جو آج کل ملک و ملت کو درپیش ہیں۔ صدر مملکت نے ملک کی داخلی صورت حال، جمہوریت کے ماضی حال اور مستقبل، معیشت کی زار حالت

[Mr. Muhammad Ali Khan]

اور اسے اس بحران سے نکالنے کے لیے طریق کار اور پھر اس کے ساتھ سماجی اور اقتصادی عدم مساوات کے خاتمے کی ضرورت، خارجہ پالیسی اور مسلح افواج کی اہمیت و افادیت اور ضروریات پر مکمل طور پر روشنی ڈالی ہے۔ جس کے بارے میں خود وزیر اعظم صاحبہ نے یہ فرمایا کہ صدر مملکت کی تقریر حکومت کے لیے آنے والی حکمت عملیوں کے لیے ایک بنیاد فراہم کرنے کا کام دے گی ۔ جناب والا! یہ خطاب مزاج کے اعتبار سے غیر متنازعہ فیہ ہے اگر اس پر اعتراض ہو گا تو میں سمجھتا ہوں کہ وہ اعتراض برائے اعتراض ہو گا ۔یوں معلوم ہوتا ہے کہ یہ حکومت کی عمومی حکمت عملیوں کا اظہار ہے اس میں مفاہمانہ انداز بھی ہے اور وعظانہ طرز اظہار بھی ہے یہ اس قسم کی تقریر ہے جو عموماً بار بار کی جاتی ہے لیکن اس کے بارے میں ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ اس کو سن سن کر لوگوں کے کان پک جاتے ہیں کیونکہ اس تقریر میں بہت سی مثبت باتیں ہیں۔

جناب والا! گو اس کا ہر حصہ اور ہر نکتہ اپنی انتہائی اہمیت رکھتا ہے لیکن انہوں نے ماضی میں پیش آنے والے ناپسندیدہ واقعات اور حالات اور جمہوری تجربے کو آگے بڑھانے میں ہماری ناکامیابی کی ایک بنیادی وجہ بیان فرمائی ہے کہ ہم نے آئین سے روگردانی کی اور اس کی پاسداری کا ہم خاص اہتمام نہ کر سکے جس کی وجہ سے ہم نے ایک غلطی کے بعد دوسری غلطی کی اور اس کا اثر جمہوریت پر تباہ کن صورت میں پڑا۔

جناب والا! یوں تو آئین کی پاسداری کا عہد بار بار کیا جاتا ہے لیکن جب عمل کا وقت آتا ہے تو یقیناً ہم اس سے روگردانی کرتے ہیں اور اس کو توڑتے ہیں جس طرح کہ بلوچستان کی اسمبلی توڑنے کے دوران ہوا ایک طرف خطاب میں یہ فرمایا گیا کہ آیئے اپنے رب سے عہد کریں کہ قومی معاملات میں وقتی مصلحتوں کو چراغ راہ بنانے کی بجائے ملکی آئین ہی کو وہ مینارہ نور سمجھیں گے جس سے پھوٹنے والی روشنی بے داغ اور مستقل بھی ہے اور ہمہ جہت بھی ۔ لیکن اس عہد کے باوجود بلوچستان کی اسمبلی کو توڑنے میں آئین کی جس طرح

خلاف ورزی کی گئی ہے وہ سب پر روز روشن کی طرح عیاں ہے۔ جناب والا! میں اس ضمن میں اس پر کوئی بحث نہیں کروں گا کیونکہ اسی ہاؤس میں اس پر کافی بحث ہو چکی ہے اور بقول شخصے عیاں را چہ بیان

جناب والا! اس پر اکتفا نہ کرتے ہوئے موجودہ حکمرانوں نے ایک پیپلز پروگرام بنایا ہے جس میں صوبائی خود مختاری کو ختم کرنے کی کاوش کی جا رہی ہے اور آئین سے انحراف کیا جاتا ہے بلکہ میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ آئین کا مذاق اڑایا جا رہا ہے۔ غیر نمائندہ اور انتخابات میں شکست خوردہ افراد اس پیپلز پروگرام کے ایڈمنسٹریٹرز مقرر کیے جا رہے ہیں جو یقیناً غیر آئینی اور غیر قانونی حرکت ہے۔ اس کے علاوہ سینیٹ کے خلاف تین ہائی کورٹوں میں دعاوی دائر کرائے گئے ہیں۔ اب سننے میں آیا ہے کہ اب حکومت اس سینیٹ کے خلاف ریفرنس بھی پیش کرنے کا سوچ رہی ہے۔ جناب والا! صدر پاکستان نے خود اپنے خطاب میں فرمایا تھا کہ یہ درست ہے کہ آئین ایک آسمانی صحیفہ نہیں ہے اس میں ترمیم کی جا سکتی ہے جس کے لیے خود آئین ہی میں گنجائش بھی رکھی گئی ہے اور اس کے لیے ایک طریق کار بھی وضع کیا گیا ہے۔ اس ضمن میں حزب اقتدار کو فراخدلی سے کام لینا چاہیئے درگزر کی صلاحیت اور رواداری کے جذبے کا مظاہرہ کرنا چاہیئے۔ جناب والا! میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ صفات موجودہ حکومت میں بالکل مفقود ہیں اس تقریر میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ درگزر کی وہ روح پرور مثالیں سامنے رکھنی چاہئیں جن کا مظاہرہ فتح مکہ کے وقت ہوا تھا یہ بہت اچھی اور مثبت رائے ہے لیکن جب ہم حکومت کے اعمال اور افعال کو دیکھتے ہیں تو یقیناً ان میں تضاد اور اختلاف پایا جاتا ہے۔ جناب والا! کراچی میں آرٹس کونسل کے ایک جلسے کے دوران ایک وزیر با تدبیر نے انتقام کی جس طرح باتیں کیں وہ سراسر اس کے خلاف ہیں اسی طرح ایک دوسرے وزیر صاحب نے ایک جگہ ببانگ دہل فرمایا کہ یاد رکھو جو لوگ ہم سے تعاون نہیں کرتے ان کو ہم پی پی کی زبان میں سبق سکھائیں گے۔

[Mr. Muhammad Ali Khan]

جناب والا! قومیں قول و فعل کے اتحاد سے ترقی کرتی ہیں اور قول و عمل کے تضاد سے انتشار کا شکار ہوتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ یہاں انتشار ہی انتشار ہے اور آج تک کوئی مثبت راہ اور کوئی مثبت حکمت عملی سامنے نہیں آئی۔ جب ہم اپنے چاروں طرف نظر دوڑاتے ہیں تو ہمیں اپنے پرانے دشمن تاک میں بیٹھے ہوئے دکھائی دے رہے ہیں، جنہوں نے پاکستان کو اپنی دفاعی ضروریات کے لیے متوجہ کر دیا ہے اور اس ضمن میں جو بھی قدم ہم اٹھاتے ہیں تو ہندوستان کی یہ کوشش اور خواہش ہوتی ہے کہ دنیا کی نگاہیں پاکستان کی جانب مرکوز ہو جائیں کہ وہ اپنے دفاع پر بھاری اخراجات کر رہے ہیں حالانکہ یہ ان کے لبس کی بات نہیں ہے اور افسوس کی بات یہ ہے کہ ملک کے اندر ان کے پرانے ہم نوا، انہی کے گیت گانے شروع کر دیتے ہیں اور یہاں ایک غوغا برپا کر دیتے ہیں کہ پاکستان ایک غریب ملک ہے اس کو چاہیے کہ دفاع پر اخراجات کم کرے اور یہی پیسہ تعمیر اور ترقی پر لگائے میں ان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اگر خدا نخواستہ کل یہ مملکت پاکستان باقی نہ رہے تو ترقی کے کام ہم کہاں کریں گے۔

جناب والا! صدر نے خارجہ پالیسی کے حوالے سے پاکستان کی اصولی حکمت عملی کی بھی وضاحت کر دی ہے اور یہ بھی صاف کہہ دیا ہے کہ پاکستان کے خلاف بری نیت سے اٹھنے والے ہاتھ کاٹ دیئے جائیں گے۔ ہم کسی کے خلاف جارحانہ عزائم نہیں رکھتے، لیکن ہماری امن پسندی کو ہماری کمزوری سمجھنے کی کوشش نہ کی جائے۔ اس ضمن میں صدر نے افواج پاکستان کا بھی جناب والا! برمحل تذکرہ فرمایا ہے۔ جہاں تک خارجہ پالیسی کا تعلق ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ اب تک خارجہ پالیسی کے حوالے سے کوئی مثبت صورت حال سامنے نہیں آئی، ہندوستان اور روس کے متعلق ہمارا جو apologetic attitude ہے، یعنی apologetic حکمت عملی، بنائی گئی ہے، وہ میں سمجھتا ہوں کہ وہ بالکل غیر مفید ہے، اسی طرح غیر وابستگی کی پالیسی کے خدوخال بھی اب تک مکمل طور پر نمایاں نہیں ہو سکے اور ان میں بھی کافی تضاد

نظر آ رہا ہے۔ حالانکہ پرانی خارجہ پالیسی کے تسلسل پر بار بار روز کہا جا رہا ہے لیکن جب ہم اسے قریب سے دیکھیں تو یقیناً اس سے انحراف ہو رہا ہے۔

جناب والا! کشمیر کے مسئلہ کا بھی ذکر کیا گیا ہے لیکن اسے ایک سرد خانے میں ڈالا گیا ہے۔ شملہ سمجھوتہ آنسو پونچھنے کی ایک صورت ہے۔ اس سلسلے میں حکومت کو ایک واضح پالیسی اختیار کرنی چاہیئے تاکہ عوام کو معلوم ہو جائے کہ ہم کہاں ہیں۔ جناب والا! خطاب میں کہا گیا ہے کہ جینوا سمجھوتہ پر پوری طرح عمل کیا جائے اور افغانستان میں وسیع تر بنیادوں پر ایسی حکومت تشکیل دی جائے جو افغان معاشرہ کے ہر حصے اور وہاں کے عوام کے لیے قابل قبول ہو۔ جناب والا! جبکہ کٹھ پتلی کمیونسٹ حکومت کے خلاف تو، دس سال سے مجاہدین بر سر پیکار ہیں اس لڑائی میں پندرہ لاکھ بوڑھے، بچے، جوان اور عورتیں شہید ہو چکی ہیں، گاؤں کے گاؤں، صفحہ ہستی سے مٹ گئے ہیں، پینتیس لاکھ افراد پاکستان میں پناہ گزین اور ۱۰ لاکھ سے زائد ایران میں ہیں تو اس کٹھ پتلی کمیونسٹ حکومت کو کیسے مان سکتے ہیں۔ جناب والا! اس تمام سلسلے میں ابہام پایا جاتا ہے اور ہم صرف تماشبینوں کی طرح دیکھ رہے ہیں، آج تک ہم نے اس بارے میں کوئی حرکت نہیں کی۔

جناب والا! اسی طرح تقریر میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ امن و امان کی بگڑی ہوئی صورت حال حکومت کی کوششوں کے نتیجے میں خاصی بہتر ہوئی ہے۔ جناب والا! جتنے میرے بھائی اور ایک بہن بیٹھی یہاں ہے، ان کے بارے میں، میں کچھ نہیں کہہ سکتا البتہ عاجزانہ اظہار میں یہ کروں گا کہ صدر کی تقریر کے اس نکتہ سے میرا بالکل اتفاق نہیں ہے اور اگر میں یہ کہوں کہ اس کو میں ماننے کے لیے بھی ہرگز تیار نہیں ہوں تو غلط نہیں ہو گا۔ کیونکہ امن و امان کی صورتحال میں کوئی بہتری کی صورت پیدا نہیں ہوئی۔ ڈاکو سندھ میں دندناتے پھر رہے ہیں۔ سندھ کے شہروں میں بھائی بھائی کا گلہ کاٹ رہا ہے اور Ethnic trouble زوروں پر ہے۔ اس میں کوئی کمی نہیں آئی۔ حالانکہ عید کے دن، ایک اسلامی مملکت کے بڑے شہر میں کرفیو کا نفاذ تھا۔ افسوس کی بات ہے۔

[Mr. Muhammad Ali Khan]

ہوئی۔ اسی طرح صوبہ سرحد میں اغوا کی وارداتوں میں کوئی کمی نہیں

جناب والا! اسی طرح صوبہ سرحد میں اغوا کی وارداتوں میں کوئی کمی نہیں ہوئی۔ ہے اور وہاں جان و مال غیر محفوظ ہے اور علاقوں کو تو چھوڑیئے، یہاں پنڈی اور اسلام آباد میں دن دھاڑے ڈاکے پڑ رہے ہیں حکومت کو چاہیئے وہ اس کا اپنی اوّلین فرصت میں انسداد کرے۔ لیکن آج تک بالکل خاموشی ہی خاموشی ہے اس پر کسی نے توجہ ہی نہیں دی۔ جناب والا! اس کو بھی چھوڑیں، عادی مجرموں کو رہا کیا گیا اور ماضی کے لیڈروں کو آج کل ہیرو بنانے کی کوششیں جاری ہیں اور ایوارڈ دیئے جا رہے ہیں۔

جناب والا! خطاب میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ ہر علاقے کے لوگوں کو ملکی معاملات میں برابر کی شرکت کا احساس دلا سکیں" اور وسائل کی منصفانہ تقسیم اور روزگار اور ترقی کے یکساں مواقع فراہم کرنے کے بارے میں جائز شکایات کا ازالہ کر سکیں اور یہ اس وقت ممکن ہو گا جب ایک صوبے کے دوسرے صوبے کے ساتھ ہم آہنگی کی جھلک پائی جائے۔ جناب والا! یہ وہ باتیں ہیں۔ جو قوموں کی زندگی میں بنیادی اہمیت کی حامل ہیں۔ اور عرصہ دراز سے کہی جا رہی ہیں۔ لیکن اس پر عمل کہاں تک ہوا۔ وہ حکومت کو معلوم ہے۔ کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ اس سمت آج تک کیا کوئی عملی اقدام اٹھایا گیا ہے؟ یہ تو ٹھیک ہے کہ وسائل کی منصفانہ تقسیم ہو اور سب کے لیے یکساں مواقع میسر ہوں، یہ ایک اہم سوال ہے، لیکن کہنے کی باتیں اور ہوتی ہیں اور کرنے کی اور ہوتی ہیں۔

جناب والا! خواص اور عوام، اب بھی ایک دوسرے سے بہت الگ ہو چکے ہیں اور اسی طرح تجارت پیشہ افراد نے ملک کی پچھتر فیصدی آبادی یعنی کاشتکاروں کا استحصال کیا ہوا ہے اور کر رہے ہیں اور اس کے علاوہ ملک کے سب سے بڑے صوبے کے ساتھ محاذ آرائی شروع ہے اس میں کسی قسم کی کمی نہ آج تک ہوئی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ نہ آئندہ ہونے کا امکان ہے۔ زیادتی کی بھی حد ہوتی ہے ایک کو کہتے ہیں ظلم، اور ایک کو کہتے ہیں ظلم عظیم، جناب والا! یہ ظلم عظیم کی باتیں ہیں جو ہو رہی ہیں۔ حالانکہ خود محترمہ نے صدر مملکت کی تقریر کے بعد فرمایا کہ صدر کی یہ تقریر جو ہے، نئی حکومت کی آئندہ حکمت عملی کی بنیاد فراہم کرنے

کا کام دے گی۔ جناب والا! صدر نے حکومت اور اپوزیشن، اور مرکز اور صوبوں کو رواداری، تحمل، برد باری، اور ایک دوسرے کی بات ماننے کا جو مخلصانہ مشورہ دیا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ وہ بھی قومی حالات کے موجودہ پس منظر میں نہایت ہی اہمیت کا حامل ہے۔ چونکہ مرکز اور لبعض صوبوں میں ایک پارٹی کی حکومت نہیں ہے لیعنی عوام نے ایک Split mandate دیا ہوا ہے لہٰذا یہ صورت حال ہم سے بہت غیر معمولی تدبر اور دور اندیشی کا تقاضا کرتی ہے ہمارے حکمرانوں کو زندہ رہو اور زندہ رہنے دو، کے اصول کو رہنما بنانا چاہیئے تب جا کر، میں سمجھتا ہوں کہ اس ملک میں جمہوریت صحیح معنوں میں پنپ سکے گی اور وہ کامیابی سے ہمکنار ہو سکے گی۔

جناب والا! صدر نے قومی معیشت کی حالت بہتر بنانے کی طرف بطور خاص توجہ دلائی ہے اور کہا ہے کہ اقتصادی اور معاشی استحکام کے بغیر نہ تو سیاسی استحکام حاصل ہو سکتا ہے اور نہ قومی خود مختاری کی کما حقہ حفاظت اور پاسداری کی جا سکتی ہے۔ بدقسمتی سے گوناگوں عوامل کے باعث پاکستان کی اقتصادی حالت اس وقت مثالی نہیں ہے۔

جناب والا! بیروزگاری انتہا کو پہنچ گئی ہے اور اب جس طرح کہ اس ہاؤس کے ایک معزز رکن قاضی صاحب نے فرمایا کہ اس پہ مزید اضافہ ہو رہا ہے میں ان کے الفاظ نہیں دہراؤں گا لیکن صرف اتنا کہوں گا کہ اس میں مزید اضافہ ہو رہا ہے اور اس طرف کوئی خاص توجہ نہیں دی جا رہی۔ اسی طرح ملک میں اشیاء کی قیمتیں جو ہیں وہ آسمان سے باتیں کر رہی ہیں اور لبقول وزیر اعظم خود ملک میں اِنفلیشن کی رفتار اٹھارہ فیصد ہے۔ مجھے اُن سے اس بارے میں بھی اختلاف ہے۔ اِنفلیشن کا ریٹ آج 25 فیصد سے کم نہیں ہے۔ جناب والا! پھر آپ کے سکے کی قیمت دن بدن گر رہی ہے اور لبعض اقتصادی ماہرین کے حوالے سے یہ گراوٹ ۵ پیسہ یومیہ کے حساب سے ہے۔ آپ خود سوچ لیں جب ایک ملک کی کرنسی ۵ فیصد دن میں گر رہی ہے تو اس کا بنے گا کیا؟

[Mr. Muhammad Ali Khan]

جناب والا! بیرونی قرضوں پر انحصار اور بھی بڑھ رہا ہے اور ملکی معاشی حالت کو سدھارنے کے لیے کوئی قدم نہیں اٹھایا گیا ۔ یوں معلوم ہو رہا ہے کہ حکومت بالکل خالی الذہن ہے اور سارا زور وقتی مصلحتوں پر مرکوز ہے اس طرح اس غریب ملک میں وزیروں اور مشیروں کی فوج بھرتی کی جا رہی ہے ۔ نہ معلوم یہ بھرتی کب تک جاری رہیں گی ۔

جناب والا! تقریر میں صنعتوں اور خاص کر بنیادی صنعتوں کا نہ صرف اشارہ کیا گیا ہے بلکہ ان کا ذکر کا بھی بطور خاص کیا گیا ہے ۔ بلکہ یہ بھی کہا گیا ہے کہ زراعت اور صنعت کو معیشت کے دو بنیادی ستون فرمایا گیا ہے لیکن آج تک صنعتوں اور خاص کر بنیادی صنعتوں کی طرف کوئی خاص توجہ نہیں دی گئی ۔ آج صبح کراچی سے میرے پاس ایک دوست آئے انہوں نے کہا کہ ڈیڑھ سال سے ہم نے ایک پائپ کا کارخانہ لگایا ہے ہماری گنجائش ۶۰ ہزار ٹن سالانہ ہے جس کے مقابلے میں ہمیں صرف آٹھ ہزار ٹن لوہا ملتا ہے ۔ اور سٹیل مل نے بھی یہ کہا ہوا ہے کہ ہم ان کی ضروریات کو نہیں پورا کر سکتے لہٰذا انہیں باہر سے لوہا منگوانے کی اجازت دی جائے ۔ ڈیڑھ سال سے وہ بیچارہ ایک دفتر سے دوسرے دفتر میں جا رہا ہے آج تک ان کی کوئی شنوائی نہیں ہو رہی کیونکہ وہ راسخ العقیدہ مسلمان ہے وہ حافظِ قرآن ہے وہ رشوت دینے والوں کو کافر سمجھتا ہے اور انکاری ہے کہ میں پیسے دوں کسی کو، تو یہ حالت ہے اس کارخانے کی، اس، کے پاس انڈیا کی، امریکہ اور جاپان کے آفرز ہیں اگر اس کا کام چل جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو پیپلز پارٹی کا پروگرام ہے اس کا سارا خرچہ ایک کارخانے سے نکل سکتا ہے اگر کوئی اس کی امداد کے لیے میدان میں نکل آئے ۔

جناب والا! یہ درست ہے کہ زراعت کے میدان میں ہم خود کفالت کی طرف آہستہ آہستہ رواں دواں ہیں لیکن دکاندارانہ ذہنیت رکھنے والے افراد اور طبقے نے کاشتکاروں کی راہ میں روڑے اٹکانے کے منصوبے شروع کیے یہاں تک کہ زرعی انکم ٹیکس کی باتیں ہو رہی ہیں کاشتکاری سے واقفیت تو

درکنار، میں کہتا ہوں کہ ان لوگوں نے آج تک ایک رات بھی کسی گاؤں میں نہیں گزاری اور اسلام آباد کے ائیرکنڈیشنڈ دفاتر میں بیٹھ کر یہ بزعم خود ماہرین ٹیکس اور بعض خود غرض ماہرین ٹیکس حکومت کو مشورے دیتے رہتے ہیں ان کو نہیں معلوم کہ اس کا ردِ عمل کیا ہو گا۔ ورلڈ بنک اور IMF کی تو یہ خواہش ہے کہ حکومت پاکستان زراعت پر ٹیکس لگائے تاکہ زبوں حال کاشتکار گاؤں چھوڑ کر شہروں کا رخ کرے اور پھر یہی حکومت غلہ، اور دیگر کھانے کی چیزیں، یورپ سے منگوائے۔ تاکہ اور غیر ملکی قرضوں کے تلے دب جائے۔

جناب والا! میں کیا بتاؤں ایک رونا نہیں ہے جس کو ہم روئیں، ملک میں دوہرا نظامِ تعلیم رائج ہے۔۔ انگریزی پر انحصار دن بدن بڑھ رہا ہے اور خواص کا طبقہ مضبوط سے مضبوط تر ہو رہا ہے اور عوام کا طبقہ کمزور سے کمزور تر ہو رہا ہے اور ان کو اُبھرنے کا موقع بالکل نہیں مل رہا۔ کیونکہ جتنے بھی ملک میں امتحانات ہو رہے ہیں اس میں بھی ذریعہ اظہار انگریزی ہے اور اسی طرح انٹرویوز میں بھی ذریعہ اظہار انگریزی ہے۔ اور ایسے غریبوں کے بچے جو کہ یہ استطاعت نہیں رکھتے کہ وہ انگریزی سکولوں میں اپنے بچوں کو پڑھائیں حالانکہ ان میں باقاعدہ اہلیت موجود ہوتی ہے لیکن جب وہ امتحانات میں بیٹھتے ہیں تو ان کو ناکامی کا منہ دیکھنا پڑتا ہے اور ملازمتوں میں ان کا کوئی حصہ نہیں ہوتا۔ میں سمجھتا ہوں کہ امتحانات کے دوران اور اسی طرح انٹرویو میں بھی دوہرے نظامِ تعلیم کے طلباً کو یکساں مواقع فراہم کیئے جانے چاہئیں۔

جناب والا! تعلیمی اداروں میں نظم و ضبط کی صورت یقیناً پریشان کن ہے۔ اکثر تعلیمی ادارے انتشار کا شکار ہیں۔ اب تو ماشاءاللہ یونینیں بھی بحال ہو گئی ہیں لیکن اب تک ان کا کوئی خاطر خواہ نتیجہ سامنے نہیں آیا۔ اس کے علاوہ تعلیمی اداروں میں نشے کی وبا عام ہے جس کو روکنا حکومت کا فرض اوّلین ہے۔ صدر مملکت نے تمام خطوں، علاقوں اور طبقوں کی فلاح و بہبود کا یکساں خیال رکھنے کی ضرورت پر بھی زور دیا ہے اب حکومت وقت کو چاہیئے کہ خدا کے لیے آٹھویں ترمیم کے چکر سے نکل کر قومی اہمیت کی چیزوں کی طرف دھیان دیں اور اپنی

[Mr. Muhammad Ali Khan]

حکمت عملیاں وضع کرتے وقت انہی نکات پر جو کہ صدر نے اپنی تقریر میں کہی ہیں ان کی طرف توجہ دیں تاکہ اس ملک کی حالت بدل سکے۔ لیکن افسوس کی بات ہے کہ یہ توقع ہم اس موجودہ حکومت سے ہرگز نہیں کر سکتے کیونکہ یہ ان کے بس کی بات نہیں ہے کاش! یہ حکومت، مجھے بہت افسوس سے کہنا پڑتا ہے۔ اگر 'political employment exchange' کی جگہ ایک مضبوط conclude وفاقی حکومت ہوتی تو پھر کہیں جا کر بات بنتی۔ شکریہ!

**جناب ڈپٹی چیئرمین:** شکریہ! میں ہاؤس کا opinion لینا چاہوں گا کہ ڈیبیٹ آج conclude کرنا ہے یا اسے کسی اگلی date پہ لے جانا ہے کیونکہ ابھی لسٹ پہ سات سپیکرز ہیں۔

**فاضل اراکین:** ۔ Saturday - Sunday تک۔ ابھی کتنے بولنے والے اور ہیں۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین:** سات اس وقت ہاؤس میں موجود ہیں اور سات اور ہیں۔ تقریروں کے لیے ٹائم جو specify ہوا تھا پندرہ منٹ تھے جب میں وقت کی بات کرتا ہوں تو آپ سب ناراض ہو جاتے ہیں۔

If they are allowed they can speak on Private Members' Day.

**Lt. Gen. (Rtd) Saeed Qadir:** Please suspend it.

(Interruption)

**جناب ڈپٹی چیئرمین:** جی! پندرہ، پندرہ منٹ لے لیں اور اس کو conclude کریں۔ پھر منسٹر جو ہے اسے وائنڈ اپ کے لیے بھی وقت چاہیئے۔ مزید یہ ۲۲ تاریخ آپ نے فارن پالیسی پر بحث کے لیے فکس کی ہے۔ لہٰذا دو بجے تک ہو سکتا ہے اگر ٹائم کا کچھ خیال رکھا جائے۔

**Mr. Javed Jabbar:** I am winding up on behalf of the Government but .......

**Mr. Deputy Chairman:** Then there are eight speakers.

**Mr. Javed Jabbar:** May I just say that Dr. Sher Afgan had requested for short time before my winding up.

جناب آصف فصیح الدین وردگ : نہیں ان benches پہ آ جائیں بات کر لیں ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین :۔ جی کیا کہا ۔

جناب آصف فصیح الدین وردگ : جناب چیئرمین صاحب ! میں سلیم سیف اللہ خاں صاحب کی جگہ پر بات کروں گا . . . .

Mr. Deptuty Chairman: No, you can not.

جناب آصف فصیح الدین وردگ :۔ کیوں جناب ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین :۔ ان کی جگہ آپ کیسے بول سکتے ہیں ؟

جناب آصف فصیح الدین وردگ : میں نے لکھ کر دیا ہوا ہے اجازت مانگی ہوئی ہے جناب ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین :۔ کس سے ،

جناب آصف فصیح الدین وردگ : آپ سے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین :۔ لیکن آپ کو انکی ٹرن پہ باری دیں گے ۔ آپ کو اپنی حیثیت میں بلائیں گے ۔

جناب آصف فصیح الدین وردگ : وہ تو تشریف نہیں لائے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین :۔ آپ کو اپنی حیثیت میں بلائیں گے ۔

جناب آصف فصیح الدین وردگ : میں ان کی جگہ پر بات کروں گا ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین :۔ آپ بول چکے ہیں پہلے ؟

جناب آصف فصیح الدین وردگ : اور ان کی ٹرن پر میں بات کر لوں گا ۔ کیونکہ یہ مجھے اپنی ٹرن دے رہے ہیں اور وہ مجھے اپنا ٹائم دے رہے ہیں ۔

جناب محمود احمد منٹو : آپ پہلے تقریر فرمائیں I don't mind. جب میری باری آئے گی کر لوں گا ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : ابھی آپ تشریف رکھیں۔ جب ٹائم ہو گا تو بول لیں گے۔ پہلے مجھے یہ تو بتائیں کہ بولنا کس طریقے سے ہے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی :۔ میں عرض کروں۔ یہ پارلیمانی روایات کے برعکس ہو گا اگر کوئی فاضل ممبر۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین : نہیں یہ بعد کی بات ہے۔ آپ تشریف رکھیں ڈاکٹر صاحب۔ ابھی یہ بتائیں کہ consensus کیا ہے۔ پندرہ پندرہ منٹ کے لیے بولیں گے تو دو بجے تک۔ پھر منسٹر صاحب نے وائنڈ اپ بھی کرنا ہے۔

جناب محمود احمد منٹو : آج ہی کریں گے جی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین :۔ وہی میں کہہ رہا ہوں۔ آپ مجھے بتائیں کس طرح کرنا ہے؟ اس لیے کہ بائیس تاریخ کو آپ نے فارن پالیسی پر already fix کیا ہوا ہے۔

جناب جاوید جبار : یا تو اجازت دیں مسٹر چیئرمین۔

**Mr. Deputy Chairman:** Yes, please.

**Mr. Javed Jabbar:** Mr. Chairman, if the Members wish to do so at the start of the Private Member's Day, if you give me an opportunity to wind up......

جناب محمد طارق چوہدری : جناب چیئرمین ! ہفتے کے دن رکھ لیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : طارق چوہدری صاحب آپ تشریف رکھیں۔ اگر سب کی یہی رضا ہے تو ۲۱ کو پرائیویٹ ممبرز ڈے میں پہلے اس ٹیک اپ کرتے ہیں۔ اس کو ختم کرتے ہیں۔

**Mr. Javed Jabbar:** What is the agreed decision?

**Mr. Deputy Chairman:** On 21st of May, the Private Member's Day, first we will take up this business, wind it up and then we will take up the next business.

**Mr. Javed Jabbar:** Right.

**Mr. Deputy Chairman:** O.K. Thank you. Mr. Ahmed Mian Soomro, on point of order.

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** Sunday shall be a Private Member's Day. So, if you want to change that then you must first suspend that rule.

**Mr. Deputy Chairman:** It is a Private Member's Day, we have already......

**Mr. Javed Jabbar:** Mr. Chairman, he is correctly saying that the relevant rule has to be moved for suspension.

**Mr. Deputy Chairman:** So, we will move also that rule on Sunday. Thank you very much.

**جناب محمود احمد منٹو :** جناب صدر میرے دوست فصیح الدین صاحب کہہ رہے ہیں کہ میں اس وقت تقریر کرنا چاہتا ہوں۔ مجھے کوئی اعتراض نہیں کہ میری ٹرن ان کو دے دی جائے۔ تقریر میں بھی کرنا چاہتا ہوں۔۔۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** وردگ صاحب سے بعد میں بات کریں گے آپ پہلے اپنی تقریر کر لیجئے۔ ابھی ان کا نام لسٹ پر نہیں ہے جب آئے گا تو ان کو موقع دیں گے۔ اگر آپ نہیں بولنا چاہتے تو میں کسی اور صاحب کو بلا لیتا ہوں۔

**جناب محمود احمد منٹو :** میری کس بات سے یہ مترشح ہوتا ہے کہ میں نہیں بولنا چاہتا؟

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** تو پھر آپ فرمائیں جناب۔

جناب محمود احمد منٹو : میں تو عرض کرنا چاہتا ہوں مگر ایک بات جو کہی تھی وہ تو آپ سنتے نہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : میں نے سن لی - ان کا نام ابھی لسٹ پر نہیں ہے۔

جناب محمود احمد منٹو : محترم چیئرمین صاحب - یہ معاملہ جو اس وقت درپیش ہے قرار داد ہے میں اس کی پوری پوری تائید کرتا ہوں کہ vote of thanks کے مستحق تو جناب صدر ہیں - کیونکہ ہم کو اس بات پر بھی فخر ہے کہ اس سینیٹ کی مشترکہ رائے سے جناب صدر کو چنا گیا اور ہم نے دیکھا ہے کہ ہماری رائے بہت اچھی تھی - اس سے عمدہ اس سے بہتر اس سے زیادہ قابل آدمی اس وقت شاید ہم کو نہیں مل سکتا تھا۔ اور جو ان کا conduct اس کے بعد رہا ہے وہ بھی نہایت ہی مثالی ہے - لیکن پیپلز پارٹی کی حکومت اور اس کے ترجمان نے جو یہ کہا ہے اور خاص طور پر پرائم منسٹر نے کہ یہ ہمارے لیے مشعل راہ ہوگا - یہ جو تقریر فرمائی ہے جناب صدر نے مجھے یاد ہے کہ اس سے پہلے بھی کارگزاری کے بارے میں پیپلز پارٹی کے متعلق بات ہوئی تھی تو اس وقت یہ کہا گیا تھا کہ ابھی تو چند دن ہوئے ہیں اس لیے ان سے زیادہ توقع رکھنا مناسب نہیں ہے اور ان کو کوئی اعتراض نہیں ہونا چاہیئے۔ لیکن میں آج کہتا ہوں کہ چھ مہینے ہو گئے ہیں اور انہوں نے سوائے پرانی بات کا مصمم تہیہ کیا ہوا ہے اس سے آگے ایک قدم نہیں بڑھایا۔ جس بات کے متعلق ان کے وزرائے باتدبیر یا خود وزیر اعظم صاحبہ کہتی ہیں کہ فلاں چیز کہ ہم نے تہیہ کیا ہوا ہے۔ وہ تہیہ کب پورا ہو گا۔ آیا پانچ سال ان کی میعاد گزرنے کے بعد اس تہیہ کو عملی جامہ پہنائیں گی یا اس سے پہلے بھی کوئی چانس ہے اسے تکمیل تک پہنچانے کا۔ یہ شاید ان کو ہی معلوم ہو گا۔ ہمیں قرائن سے یہ پتہ لگتا ہے کہ جس چیز کا انہوں نے تہیہ کیا ہے اس کی طرف ان کی کوئی توجہ نہیں۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ سب سے بڑی بات اس تقریر میں یہ ہے کہ آئین اور قوانین کی پابندی کی جائے۔ میں دیکھتا ہوں کہ

ہمارے لیڈر آف دی ہاؤس جو مقرر ہوئے ہیں وزیر قانون صاحب اور ان کے مشیر صاحب جتنے دوست بیٹھے ہیں ہمارے ڈاکٹر صاحب اور جاوید جبار صاحب یہ سب بھی عام طور پر یہی کہتے ہیں کہ قانون اور آئین کی بڑی پابندی کی جائے گی۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ کس معاملے میں آپ نے آئین اور قانون کی پابندی کی ہے۔ یہ مسئلہ جو آپ نے قوم کی ذلت کے لیے فیڈریشن کو توڑنے کے لیے فیڈریشن کو خطرے میں ڈالنے کے لیے صوبے کے ساتھ محاذ آرائی کا جاری کیا ہوا ہے اور چھوٹے چھوٹے بچگانہ قسم کے اپنے ترجمانوں سے اس قسم کی غلط، بے بنیاد اور بیہودہ تقریریں کرا رہے ہیں اور اس کو بڑھا رہے ہیں تو آیا یہ اس تقریر کی روشنی میں اپنا عمل جاری کر رہے ہیں؟ آج کوئی یہ نہیں کہتا کہ ترقی کی فلاں چیز ہم کر رہے ہیں۔ بلکہ وہ کہتے ہیں کہ نہیں، اس کو نہیں کرنا، اس کو نکال دیں گے، فلاں کو رکھ دیں گے۔ پنجاب کی حکومت کو توڑ دیں گے فلاں کی حکومت کو نہیں توڑیں گے۔ میں کہتا ہوں توڑ دو اگر توڑ سکتے ہو۔ ہمیں کوئی تشویش نہیں مگر کسی اصول پر۔ آئین اور قانون کی پابندی کا آپ اتنا نعرہ لگاتے ہیں۔ اتنے فلک شگاف نعرے۔ اور گھڑی گھڑی اس کا ذکر کرتے ہیں۔ خدا کے لیے اس میں کوئی دیانتداری پیدا کرو۔ اگر اس عقیدے میں ذرہ بھر شمہ بھر بھی دیانتداری ہے تو یہ رویہ آپ نہیں اختیار کر سکتے جو آپ نے آج تک کیا ہوا ہے۔ مذاق اڑاتے ہیں۔ ہنستے ہیں۔ بات کرو صوبے کے کسی کام کی تو ہی ہی دانت نکالتے ہیں۔ ارے بھئی اگر صوبے نہیں ہوں گے تو تمہارا یہ نظام کیسے چلے گا۔ فیڈرل نظام کیسے چلے گا۔

Unitary Cabinet بنانا چاہتے ہو۔ یہ کہہ کر کہ آٹھویں ترمیم میں ہمیں پورے پورے اختیارات، جو اور کسی کے اختیار، صدر کے نہ ہوں، ہمارے ہوں۔ آپ سویلین مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر بننا چاہتے ہیں۔ اور وہی بننا چاہتے ہیں جو بھٹو صاحب اپنے شروع میں آ کر پہلے سویلین مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر ملک میں بنے تھے۔ آج وہی رسم پھر دہرانا چاہتے ہیں۔ ہماری زندگی میں تو یہ نہیں ہو سکے گا۔ ہماری آواز میں اگر کوئی اثر ہوا تو یہ نہیں

[Mr. Mahmood Ahmed Minto]

ہو سکے گا۔ ہم نہیں کرنے دیں گے۔ ہم کو یقین دلاؤ کہ کیا چاہتے ہو۔ کس طریقے سے مختلف ہو گا وہ آمریت کی مخالفت میں گواہی دینے کی ضرورت نہیں ہے اکثر و بیشتر لوگوں نے یہاں ہماری تقریریں سنی ہیں۔ اس دور میں بھی سنی ہیں جب وہ خود یہاں بلا شرکت غیرے حاکم تھے جناب صدر مرحوم۔ ہم نے کہا ہے کہ آمریت کوئی بدل نہیں ہو سکتی جمہوریت کا۔ جمہوریت ہی ایک طرز حکومت ہے جو ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کر سکتی ہے اور اس کو ترقی کی طرف لے جا سکتی ہے اور لوگوں کو قبول ہے اور جو اسلام کے نزدیک ترین ہے۔ آمریت کی ہم نے مخالفت کی ہے۔ یہ حضرات جو آج بڑے بلند بانگ دعوے کرتے ہیں بڑی تقریریں کرتے ہیں مسکرا مسکرا کر، میں تو کبھی ان کی زبان سے آمریت کے خلاف کوئی بات نہیں سنی یہ تو بلوں میں گھسے ہوئے تھے۔ کوئی ایک صوبے میں بل میں گھسا ہوا تھا کوئی دوسرے میں گھسا ہوا تھا کوئی اور کچھ کام کر رہا تھا کوئی ولایت، کہیں کوئی یورپ چلا گیا اور کوئی پیرس چلا گیا اور لندن کی سیریں کر رہے تھے۔ ان لوگوں نے تو کوئی ایک آواز نہیں اٹھائی۔ ہاں البتہ جن لوگوں نے کوئی شاید بھٹو صاحب کے حق میں دو نعرے لگائے ہوں گے یا کہہ دیتے ہیں کہ ہم نے لگائے ہیں ان کو بلا بلا کر انعام و کرام تو دے سکتے ہیں۔ اگرچہ یہ ثابت نہیں ہے۔ میں دعویٰ سے کہتا ہوں کہ ان لوگوں نے جمہوریت کی خاطر کوئی قید کاٹی یا کوڑے کھائے ہوں ہاں جن لوگوں کی معرفت یہ نعرے لگوانا چاہتے ہیں جن لوگوں کی معرفت یہ صوبوں میں انتشار پیدا کرنا چاہتے ہیں ان کو بلا بلا کر یہ انعام و اکرام اور سرٹیفکیٹ اور خدا جانے کیا کیا دیے ہیں اور اس سلسلے میں یہ بھی آج پہلی دفعہ سنا ہے کہ جتنے ممبر اسمبلی میں اپنے ساتھ ہیں ان ساروں کو کوئی نہ کوئی عہدہ دے دو خزانہ خالی ہے مگر ۷۳ ممبر اگر اپنی پارٹی میں ہیں تو ۷۳، ۷۳ کے ۷۳ جو ہیں وہ تنخواہ دار عہدوں پر لگا دو اور دس گیارہ آدمیوں کو مختلف ملکوں میں سیر کرنے کے لیے بھیج دیا جائے یہ وہاں جا کر کیا کرتے ہیں خدا جانے اور اگر یہاں کسی نے کہہ دیا کہ صاحب آپ وہاں گئے اور آپ نے ہندوستان کے ساتھ یہ راز کی بات کہہ دی تو

پھر ہمارے وزیر داخلہ صاحب گنوانے لگ گئے کہ جناب میرا باپ، دادا میری ماں، وہ تو کمال کے تھے اور آپ انکو نہیں جانتے افسوس ہے کہ وزیر صاحب آج موجود نہیں ہیں ورنہ میں انہیں کہتا کہ یہ بات کہتے ہوئے تمہیں شرم آنی چاہیئے ہمیں نہیں، ہم تو آپ کے دادا کی بھی آپ کے باپ کی بھی اور خاص طور پر آپ کی ایک نہایت ہی شاندار ماں کی بہت قدر کرتے ہیں انہوں نے پاکستان کے لیے بہت کام کیا ہے risk لے کر کام کیا آپ کے والد نے نوکری چھوڑ دی آپ کی والدہ نے کسی کی پرواہ نہیں کی اور وہ سیاسی کام کرتی رہی ہیں لیکن آپ کس طرف چلے گئے آپ ذرا اپنے متعلق غور فرمائیں آپ تو اس بات کے مستحق ہی نہیں کہ آپ اپنے بزرگوں کے جو شاندار کام ہیں اپنے سر پر رکھیں میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو ذاتی چیزیں ہیں یہ کہنے کی نہیں ہوتی ہیں آپ خواہ مخواہ لوگوں کو مجبور کرتے ہیں میں تو اس قابل ہی نہیں ہوں کہ میں سوچ بھی سکوں کہ کوئی derogatory لفظ آپ کے والد صاحب یا آپ کی والدہ صاحبہ محترمہ جو میرے لیے بہت ہی محترم ہیں اور جن کا کام میں نے دیکھا ہے کہ انہوں نے کس طرح کیا ہے اور کتنا رسک لے کر کیا ہے ان کے خلاف کہوں تو آپ کس سلسلے میں یہ تقریر فرماتے ہیں جذباتی تقریروں سے کام نہیں چلتا ہے صداقت کی زبان استعمال کرو سچائی کو اپناؤ اگر پارٹی سے کوئی غلطی ہو رہی ہے اور جو ہو رہی ہیں ان کو ماننے میں کوئی اعتراض نہیں ہونا چاہیئے کیونکہ یہ جمہوریت کی روح ہے اور اگر آپ نے جمہوریت اختیار کرنی ہے اور جمہوریت کے نعرے لگانے ہیں تو اس قسم کی دوغلی باتیں زبان سے نکالنے کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔

اب ذرا دیکھیں کہ یہ کہتے ہیں کہ ہم ایمپلائمنٹ کریں گے، ۱۹ ہزار آدمی نئی روشنی سکولوں کے بے روزگار کر دیئے ہیں وہ پھر رہے ہیں در بدر خاک بسر اور کہا گیا تھا کہ ہم ان کو نوکریاں دیں گے اور کسی کو نوکری نہیں دے رہے اور دیں گے تو کس طرح دیں گے وہ بھی میں آپ کو بتا دوں اس کے متعلق بھی انہوں نے اپنا عندیہ ظاہر کر دیا ہے اور وہ اس طرح کہ ان سب کی کوالیفکیشنز ان کے سات سال کام کرنے کے بعد آج دیکھیں گے یعنی ان سب کو کہہ دیں گے کہ unqualified ہیں یہ کچھ نہیں ہیں نکمے ہیں ان کی جگہ پیپلز پارٹی

[Mr. Mahmood Ahmed Minto]

کے جو ریٹائرڈ شدہ لوگ ہیں یا کوئی اور ورکر ہیں یا ان پڑھ قسم کے ایڈوائزر رکھے ہیں اسی طرح سے وہ ان پڑھ وہاں لگا دیں گے وہاں یہ روزگار تو دیں گے مگر روزگار لوگوں کو نہیں دیں گے بلکہ پیپلز پارٹی کے ورکرز کو دیں گے تو یہ اگر جمہوریت ہے یا یہ اگر طریقہ ہے ان کا نوکریاں دینے کا یا ملازمتیں دینے کا تو میں سمجھتا ہوں کہ اس پر ان کو شرم آنی چاہیئے اور جتنی جلدی اس کی یہ پالیسی ریوائز کریں اتنا ہی بہتر ہے

میں کشمیر کے متعلق آپ سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ معاملہ جو ہے اس کے متعلق میں نے وزیر خارجہ صاحب کی موجودگی میں بھی عرض کیا تھا اور آج پھر بڑے درد سے میں یہ کہنا چاہتا ہوں اور پھر اس کے ساتھ یہ بھی کہہ دوں کہ

رکھیو غالب مجھے اس تلخ نوائی میں معاف

آج کچھ درد مرے دل میں سوا ہوتا ہے

میرا سینہ پھٹتا ہے میرا کشمیر سے جس طرح جواہر لال نہرو نے کہا تھا کہ کشمیر میرا جذباتی معاملہ ہے کشمیر کا، میں نے بھی جواہر لال نہرو سے کہا تھا کہ تمہارا یہ جذباتی معاملہ نہیں ہے تم سے زیادہ ہمارا یہ جذباتی معاملہ ہے آج پھر میں کہتا ہوں کہ کشمیر ہمارا جذباتی معاملہ ہے جس کے متعلق میرے قائد، قائد اعظم محمد علی جناح رحمتہ اللہ علیہ نے یہ کہا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور اس کے متعلق آپ کا جو رویہ آج ہے اور جس طرح آپ اس کو نظر انداز کر رہے ہیں آپ کے سر ندامت سے جھک جانے چاہیئں میں نہیں کہتا کہ جھکیں گے یا نہیں مگر جھک جانے چاہیئں آپ نے اس کے متعلق کیا کیا ہے راجیو گاندھی اسلام آباد میں آیا راستے سے کشمیر ہاؤس کا بورڈ ہٹایا کیوں؟ تا کہ وہ نہ دیکھے کہ کشمیر کا معاملہ یہاں ہے۔ یا کوئی کشمیر ہاؤس یہاں ہے اِنّا لِلّٰہِ وَ اِنّا اِلَیہِ راجِعُون اس قسم کی معذرت خواہانہ پالیسی اس قسم کی شرمناک پالیسی میں سمجھتا ہوں کہ یہ پیپلز پارٹی والوں کے سوا اور کوئی اختیار نہیں کر سکتا میں آپ سے ایک عرض کرتا ہوں اس کے بعد سارک کی کانفرنس ہوئی جس طریقے پر تمام سارک کے

لیڈروں کو نظر انداز کر کے پیچھے پھینک کے راجیو گاندھی کو اٹھایا گیا یوں معلوم ہوا کہ شاید یہ ان کے کچھ سگے رشتہ دار ہیں ان سے ان کو اٹھا کر ان کو build کیا گیا بہت زیادہ build کیا گیا اور پھر اس کے بعد کیا ہوا ہندوستان میں اب کیا ہو رہا ہے۔

جناب والا! ہمارا کشمیر کے متعلق کوئی بیان نہیں آتا ہے، کشمیر کے متعلق جناب چیئرمین! میں آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں اور اس ایوان کے لوگوں کی بھی کہ ہماری آنکھیں خون روتی ہیں ہمارے بھائی بہنیں آج مقبوضہ کشمیر کے اندر قتل کی جا رہی ہیں ان پر مظالم توڑے جا رہے ہیں کشمیر کو ہم سے جدا کرنے کے لیے پوری پوری کوشش کی جا رہی ہے ایک لفظ بھی یہ جمہوری منتخب حکومت...بار بار یہ کہتے ہیں ہم منتخب شدہ حکومت ہیں باقی جو حکومتیں آتی ہیں وہ غیر منتخب ہوتی ہیں یہ ہماری جمہوری حکومت فلاں کر دے گی یہ آسمان سے تارے توڑ کر لا دے گی کشمیر جو ہمارا اپنا حق ہے جس کے متعلق جواہر لال نہرو اقوام متحدہ میں بیان دے چکے ہیں کہ اس کا فیصلہ رائے شماری سے ہو گا اور وہ (ہندوستان والے) آج اس کے خلاف چلے گئے ہیں آپ نے ایک لفظ condemnation کا اس کے خلاف نہیں کہا کہ آپ نے اقوام متحدہ کے سامنے یہ وعدہ کیا ہوا ہے کہ یہاں رائے شماری ہو گی یہاں plebiscite کب ہو گا کیا روز محشر کے دن؟ یہ رویہ ہے ہماری اس حکومت کا۔ میں نے جناب وزیر خارجہ سے بھی نہایت ادب سے یہ عرض کیا تھا کہ سارک کانفرنس میں اس بات کو اٹھائیں انہوں نے نہیں اٹھایا اس کو انہوں نے چھوڑ دیا اور اس کے متعلق ایک لفظ نہیں کہا اگر پاکستان نے با عزت طور پر زندہ رہنا ہے اور اس حکومت نے ۴ دن اور حکومت کرنی ہے تو یہ ان کے لیے ضروری ہے کہ کشمیر کے مسئلے کو وہی اہمیت دیں جو ہر پاکستانی کے دل میں ہے۔ اور جو ہر پاکستانی ان سے توقع کرتا ہے اور اگر آپ نہیں دیتے ہیں تو مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ میرے خیال میں آپ کے دن بھی گنے جا چکے ہیں کیونکہ لوگ اس کو زیادہ دیر برداشت نہیں کریں گے لوگ اس کے متعلق پروٹیسٹ کریں گے ابھی تک ہم اس کو لوگوں میں نہیں لائے

[Mr. Mahmood Ahmed Minto]

کیونکہ ہم حکومت کو اس طریقے سے ڈسکریڈٹ نہیں کرنا چاہتے ہم یہ چاہتے ہیں کہ اگر جمہوریت آئی ہے تو یہ چار دن چلے بھی بلکہ ہمارے کنڈکٹ سے ظاہر ہے کہ ہم اس کو ہر طریقے سے چلانے کی کوشش کر رہے ہیں لیکن اگر آپ اسی بات پر تلے ہوئے ہیں کہ آپ نے راجیو گاندھی کے ساتھ مل کر اس ملک میں آمریت لانی ہے تو لائیے آپ کو مبارک ہو آپ کے حواریوں کو بھی مبارک ہو آپ کے تنخواہ داروں کو بھی مبارک ہو۔ میں بڑے افسوس کے ساتھ یہ کہتا ہوں اور اگر کسی طریقے سے جمہوری حکومت ختم ہو گئی یا اس کے متبادل کوئی اور چیز ہوئی تو ہمیں افسوس ہو گا لیکن آپ بلند آواز سے پکار پکار کر اپنے اس نظریئے کو آوازیں دے رہے ہیں خدا کے واسطے ہمارے لیے نہیں ملک کے لیے نہیں تو اپنی عاقبت کے لیے ہی سوچیں اور اس کے متعلق کچھ کریں۔

آپ دیکھیں کہ کشمیر کے متعلق کیا بات ہوئی ہے کشمیر کے متعلق یہ بات ہوئی ہے جب کبھی کسی ملک میں بات ہوتی ہے تو وہ کہتے ہیں کہ یہ معاملہ ۔۔۔۔ جناب ہمارے تمام کشمیری ان کے اخباروں میں پڑھتے ہیں وہاں انہوں نے فوج بھیج دی ہے فوج کہاں بھیجی جاتی ہے انہیں ۲۵، ۳۰ سال وہاں حکومت کرتے ہو گئے ہیں اپنی کٹھ پتلی حکومتوں کی معرفت وہ حکومت وہاں کرتے ہیں لیکن ثابت ہو گیا ہے کہ آج تک وہ لوگوں کو یہ convince نہیں کر سکے کہ آپ کو ہندوستان میں آنا چاہیئے کیونکہ اگر وہ کرتے تو رائے شماری کرا دیتے ان کو یقین ہے کہ جس دن plebiscite ہو گا کشمیر کے عوام خواہ وہ مقبوضہ کشمیر میں ہوں خواہ وہ پاکستان میں آباد ہوں وہ کشمیر میں آباد ہوں یا ہندوستان میں کسی جگہ مائگریٹ کر گئے ہوں سارے کے سارے بھاری اکثریت کے ساتھ تقریباً ۸۵، ۹۰ فیصدی کے قریب وہ یہ ووٹ دیں گے کہ ہم پاکستان کے ساتھ الحاق opt کرتے ہیں اس لیے راجیو گاندھی صاحب اس کو ٹال رہے ہیں اور محترمہ بینظیر بھٹو صاحبہ ان کی امداد کر رہی ہیں اس معاملے میں شرم سے کہتا ہوں، مجھے بھی یہ کہتے ہوئے شرم آتی ہے یہ اپنے کنڈکٹ سے اپنے طریقے سے کر رہے ہیں اور میں ان کے ترجمانوں اور ان کے نقیبوں کو آج یہ کہتا ہوں کہ خدا کے واسطے معاملے کی اہمیت کو سمجھو اور اس کو ہنسی مذاق میں ٹالنے کی غرض سے

نہ سمجھو اس بات پر مسکرانے کی ضرورت نہیں ہے اس پر رونے کی ضرورت ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : شکریہ جناب منٹو صاحب۔

جناب محمود احمد منٹو : بس جناب۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : آپ لوگوں نے جیسے فیصلہ کیا تھا اس کے مطابق دو تین منٹ زیادہ ہی ہو گئے ہیں میری تو مجبوری ہے جو حکم آپ لوگوں کا ہوگا میں تو اسی کے مطابق چلوں گا۔

جناب محمود احمد منٹو : میں تو آپ کا حکم ضرور مانوں گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : تھینک یو ڈاکٹر شیر افگن صاحب۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی : اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم، بسم اللہ الرحمن الرحیم

(مداخلت)

**Mr. Deputy Chairman:** He is not winding it up.

*(Interruption)*

**Mr. Deputy Chairman:** The Chairman had allowed him already at the start of the sitting.

**Syed Abbas Shah:** Allowed but not out of number.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی : جناب چیئرمین! میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا۔

**Syed Abbas Shah:** Sir, I walk out.

جناب محمود احمد منٹو : جناب ان کا نام فہرست میں اس ٹرن پر ہے اگر نہیں ہے تو آپ نے ہم پر یہ ظلم کیا ہے بے انصافی کی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : مجھے سیکریٹریٹ سے یہی پتہ چلا ہے سیکریٹری صاحب نے یہی بتایا ہے کہ شروع شروع میں وسیم سجاد صاحب نے ان کو کہا تھا کہ بیچ میں اکاموڈیٹ کروں گا سیکریٹریٹ کی انفارمیشن پر میں نے انہیں فلور دیا ہے اگر

[Mr. Deputy Chairman]

ہاؤس چاہتا ہے.....

**جناب محمد احمد منٹو :** بیچ میں ان کو اکاموڈیٹ کروں گا تو جب ان کا دل چاہتا ہے۔

(مداخلت)

**Mr. Javed Jabbar:** Point of order Mr. Chairman.

**Mr. Deputy Chairman:** Mr. Javed Jabbar on a point of order.

**Mr. Javed Jabbar:** Mr. Chairman, I was only saying never before, do I recall, the decision of the Chair regarding the right to speak being questioned in this fashion. We should respect the Chair and if you have permitted him, we should accept that.

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی :** جناب چیئرمین ! میں اپنے آپ کو صرف تین نکات پر مرکوز رکھوں گا صدر کے خطاب کے بارے میں دو نکات ہیں ایک نکتہ وہ ہے جو پارلیمانی روایات کے ضمن میں ہے اور صدر کے خطاب سے منسلک ہے۔ جناب چیئرمین ! میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ صدر کا خطاب بنیادی طور پر گورنمنٹ کی پالیسی کا مظہر ہوتا ہے اور گورنمنٹ ہی لکھتی ہے اور دفعہ ۵۶ کے تحت صدر مملکت اس کو پڑھ کر ایوان میں پیش کرتے ہیں۔ اس ضمن میں میں پارلیمانی روایات پر مشتمل دو پیراگراف آپ کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں۔ ایم این کول

"Being a statement of policy of the Government, the Address is drafted by the Government: it is not the President but the Government who are responsible for the contents of the Address. It contains a review of the activities and achievements of the Government during the previous year....

...at is very important to note.

> "...... and its policy with regard to important internal and current international problems. It also contains a brief account of the programmes of Government business for the session. It, however, does not cover the entire probable legislative business to be transacted

during the session. Therefore, after the Address, a separate paragraph giving details of the Government business expected to be taken up during the session is published in the bulletin."

The second thing which is very important or in which my honourable colleague have quoted the name of the President is prohibited as well due to this very fact that :

"On the days allotted for the discussion, the House is at liberty to discuss the matters referred to in the Address. The scope of discussion on the Address is very wide and the entire administration is thrown open for discussion. Even matters ......

**Mr. Deputy Chairman:** Mr. Ahmed Mian Soomro on a point or order.

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** Sir, Rule 35 says:

**Rule 35** - "A Minister, whether he has previously taken part in the discussion or not, shall, on behalf of the Government, have a general right, of explaining the position of the Government at the end of the discussion."

**Mr. Deputy Chairman:** That is right.

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** So, I am just pointing this out to you.

**Mr. Deputy Chairman:** But it has already mentioned that whether he has taken part already or not.

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** That in the case he is a Member of the Senate, then of course as a Senator he has every right also, but here the case is that the honourable Minister is not a Member of the Senate.

**Mr. Deputy Chairman:** He has not established his point.

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** I am just pointing out to you but it is upto to you to give a ruling.

**Mr. Deputy Chairman:** I know that ruling also but there is no prohibition whether he has taken part already or not but now I am unable to understand what Dr. Sher Afgan Sahib is going to establish, let him finish first.

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** That is in the case of a Member, Sir. If you allowed him, it is alright, Sir. I just wanted to point it out.

**Mr. Deputy Chairman:** Thank you. Dr. Sher Afgan Khan Niazi please proceed.

**Dr. Sher Afgan Khan Niazi:** "The only limitations are that members cannot refer to matters which are not the direct responsibility of the Government of India, & that the name of the President cannot be brought in during the debate since the Government and not the President is responsible for the contents of the Address."

اب اس میں جناب چیئرمین ! میری گزارش یہ ہے یہ ایک دستوری شق ہے جس کے تحت پالیسی پر غور ہوتا ہے یا اس کا تجزیہ کیا جاتا ہے تو اسی ضمن میں میری یہ گزارش ہے کہ ہمارے ایک معزز رکن سینیٹ یہ فرما رہے تھے کہ ایک آدمی بڑی تکلیف میں تھا ڈیڑھ سال سے وہ لوہے کے سلسلے میں بڑا پریشان تھا تو میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اگر ڈیڑھ سال میں سے چھ مہینے اس حکومت کے نکال دیئے جائیں تو وہ سابق حکومت جس کی پالیسی کے بارے میں اس موجودہ حکومت کا یہ بیان ہے وہی ذمہ دار تھی اور ان تکالیف کو دور کرنے کے لیے یہ اس موجودہ

حکومت کا پالیسی سٹیٹمنٹ ہے بیان ہے جس میں یہ نکات پیش کئے گئے ہیں اور نشاندہی کی گئی ہے کہ سابقہ ادوار میں ہم نے کیا کوتاہیاں کی ہیں اور آگے چل کر ہم نے کیا کرنا ہے اس ضمن میں میں اس معزز ایوان کی توجہ صرف دو نکات کی طرف دلانا چاہتا ہوں کیونکہ یہ ایڈریس یا یہ پالیسی میٹر خطاب کی شکل میں یہاں رکھا گیا اسی میں صفحہ ۵ سے "آئین قوم کے اجتماعی شعور کی دستاویزی شکل ہے۔ ایک نکتہ میرا یہ ہے۔ دوسرا صفحہ ۲۱ پر ہے جو کہ اسلام کے ضمن میں ہے تو پہلے نکتے کے طور پر میں آپ کے سامنے اسلام کی بات کو شروع کرنے کی اجازت چاہوں گا اور اسلام کے بارے میں ۱۹۷۷ء میں یہ شور و غوغا اس شکل میں اٹھا جو ایک تحریک کی شکل بنی کیونکہ یہ مملکت خداداد ایک قومی نظریہ کے تحت وجود میں آئی ہے

اور کہا گیا ہے کہ اس میں اسلام اور اسلامی روایات کو ہی پنپنے دیا جائے گا تو وہ تحریک نظام مصطفیٰ کی شکل میں نمودار ہوئی اور اس شکل میں کہ اس مملکت خداداد پاکستان میں اسلام نافذ ہوگا اور اس وقت کی حکومت کے خلاف یہ ردّعمل تھا کہ وہ غیر اسلامی تھی اس کی روایات غلط تھیں لیکن وقت نے یہ ثابت کیا اور ان قائدین میں سے ایک بہت ذمہ دار قائد نے کہا کہ جو ۳۲ نکات ہم نے پیش کیے تھے اس میں سے بنیادی طور پر یہ نکتہ نفاذ مصطفیٰ نہیں تھا ہم ایک شخص اور اس کی حکومت کو گرانا چاہتے تھے اور اس کو ہم نے بطور ہتھیار استعمال کیا۔ اب دیکھنے کی بات یہ ہے کہ ساڑھے گیارہ سال تک یہ اقتدار ان لوگوں کے ہاتھ میں رہا جو اسلام کے نام پر حکومت کرتے رہے، صبح اٹھنے کے بعد سونے تک بھی قوم کو بتلاتے رہے کہ اسلام ہی ہمارا اوڑھنا بچھونا ہے، اسلام میں ہم نے رہنا ہے، ہر بات اسلام کے حوالے سے ہوتی تھی۔ زکوٰۃ عشر کمیٹیاں بنائی گئیں صلوٰۃ کا نظام قائم کیا گیا، آرڈیننس لائے گئے، لیکن میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اسلام کی خدمت جو اس حکومت نے اس وقت میں، اور اس دور میں کی، اس کے بارے میں صرف ایک حوالے سے عرض کروں گا کہ وہ کیا ہے، یہ میرے ہاتھ میں دستور پاکستان ہے، اس کے اندر ایک خاص پی سی او کے اندر ایک فیڈرل شریعت کورٹ بنائی گئی ۱۹۸۰ء میں، اسی کا ایک آرٹیکل، اسی حکومت کے دور میں، اس وقت کے سربراہ نے اس میں داخل کرایا بحیثیت چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر بحوالہ سپریم کورٹ، جو اس کو طاقت دی گئی ہے، یہ فیڈرل شریعت کورٹ کے نام سے چیپٹر ۳۔ اے کے تحت آئین میں داخل کیا گیا ہے۔ یہ میں آپ کے گوش گزار کرنا چاہتا ہوں۔ آرٹیکل ۲۰۳۔ بی، سی کی ذیلی سب شق . . .

**قاضی عبداللطیف** : پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین** : جی قاضی صاحب۔

**قاضی عبداللطیف** : گزارش یہ ہے کہ ڈاکٹر صاحب صدر کے خطاب پر اپنے خیالات کا اظہار فرمائیں کہ اس پر اس گورنمنٹ نے کیا کیا ہے۔ اس کے یہ معنی

[Qazi Abdul Latif]

نہیں ہیں کہ وہ پہلے سابقہ حکومت کی خامیاں بتائیں اور اس کے بعد یہ بتلائیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : قاضی صاحب، آپ تشریف رکھیں، پوائنٹ آف آرڈر تو نہیں بنتا ہے، آپ نے جو فرمایا ہے وہ اپنے وقت میں فرمانا۔ شیر افگن صاحب، آپ ارشاد فرمائیے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی : اب بات یہ ہے کہ آرٹیکل ۲۰۳ - بی، سی، اور اس کی ذیلی شق "سی" اگر آپ ملاحظہ فرمائیں تو اس میں کہا گیا ہے؟

"Law" includes any custom or usage having the force of law but does not include the Constitution......"

Constitution سرے سے فیڈرل شریعت کورٹ کی jurisdiction سے نکال دیا۔

".......... Muslim personal law, any law relating to the procedure of any court or tribunal or, until the expiration of 10 years from the commencement of this Chapter, any fiscal law or any law relating to the levy and collection of taxes and fees or banking or insurance practice and procedure."

میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہی وہ آرٹیکل ہے جس کے تحت معاشیات کے ضمن میں اور اس کے قوانین کو آپ نہیں بدل سکتے تاوقتیکہ آپ اس دستور میں سے اسی شق کو، یا اس دفعہ کو انہیں نکال دیتے۔ جہاں تک یہ کہا جاتا رہا ہے کہ ۱۹۷۳ء کے دستور میں اسلامی دفعات نہیں تھیں، تو میں آپ کی توجہ اس کی طرف دلانا چاہتا ہوں کہ آپ preamble سے لے کر ۲۲۷ آرٹیکل جو ہے، اس کے اندر اور پھر پالیسی ہیں۔ - پھر جو آرٹیکل ۲- اے کے تحت دعویٰ کیا گیا ہے کہ Objectives Resolution کو لا کر اسلام کے لیے راہ ہموار کی گئی ہے تو میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس کے تمام پیراگراف پڑھیں، جو preamble کی نقل ہیں۔ یا preamble اس کی نقل ہے، اور اس طریقے سے اس کے تمام پیراگراف کو ۱۹۷۳ء کے Constitution میں incorporate کر تھا۔

Fundamental rights and fundamental policy implementation

کے جو آرٹیکلز ہیں، وہ بنیادی طور پر Objectives Resolution کا بنیادی حصہ ہے۔ اسلام کے بارے میں جو کچھ کہا گیا، اس کے بارے میں آپ آرٹیکل ۲۲۷ سے لے کر آگے اسلامک آئیڈیالوجی کونسل کو دیکھیں اور اسی طریقے سے، مختلف طریق کار سے جہاں یہ دعویٰ کیا جاتا رہا۔۔۔ لیکن یہ وہ دفعہ ہے جس کے نکالنے کے بعد اس کو ہم کہہ سکتے ہیں کہ آپ اسلامائزیشن کر سکتے ہیں اور جو ساڑھے گیارہ سال بلند بانگ دعویٰ کرتے رہے، انہوں نے خود اس کو، اسلام کو پاکستان سے نکالنے کی کوشش کی اور یہاں آنے کی اجازت نہیں دی ہیں قاضی عبداللطیف صاحب سے اتفاق کرتا ہوں کہ اس ملک میں ساڑھے گیارہ سال سے اسلام کو نکالنے کی کوشش کی جا رہی ہے نام لے کر۔۔ یہ دو رنگی ہے، یہ دو رخی ہے، اور انہی لوگوں کی یہ بنیاد ہے جو اس کے نظریہ پر بھی عمل کرنا نہیں چاہتے، ایک پوائنٹ میرا یہ ہے۔

دوسری بات جو میں آپ کی وساطت سے آپ کے توسط سے، ...

جناب محمود احمد منٹو : جناب والا! پوائنٹ آف آرڈر

جناب ڈپٹی چیئرمین : جی، منٹو صاحب

جناب محمود احمد منٹو : حضور، آپ نے مجھے ایک سیکنڈ اوپر نہیں دیا تھا، اور ان کو بیس منٹ ہو گئے ہیں۔

جناب جاوید جبار : یہ غلط بات ہے۔

جناب محمود احمد منٹو : یہ غلط بات نہیں ہے، صحیح ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : منٹو صاحب، ارشاد فرمایئے۔

**Mr. Muhammad Ahmed Minto:** The people sitting on treasury benches are not entitled to any great consideration.

آپ نے مجھے پندرہ منٹ سے ایک
اب ان کو بیس منٹ ہو گئے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : ابھی نہیں ہوئے ہیں۔

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی :** ابھی تو پانچ منٹ ہوتے ہیں۔ ابھی تو دس منٹ اور رہتے ہیں۔

(مداخلت)

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** تین منٹ رہ گئے ہیں۔

(مداخلت)

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** ڈاکٹر صاحب، آپ کے دو منٹ اسی میں چلے جائیں گے۔

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی :** جناب! انہوں نے جو میرا ٹائم ضائع کیا ہے، وہ اس میں سے نکال دیں۔ اس طرح میرے ابھی دس منٹ رہتے ہیں۔ بات یہ ہے کہ جہاں تک اسلام پسندی کی بات کا تعلق ہے، تو تمام دینی جماعتوں کو گزارش اس حکومت نے کی ہے بلکہ میں نے بطور ایک via media کے اپنی جماعت کے ساتھ پیپلز پارٹی کے مذاکرات کرائے اور محترمہ اور اس کی جماعت لکھ لینے کے لیے تیار تھیں کہ ۱۹۷۳ء کے دستور کے تحت ۔ ۔ ۔

**ایک معزز رکن :** کس جماعت کی بات کر رہے ہیں۔

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی :** میں جمعیت العلماء پاکستان کی بات کر رہا ہوں۔

Mr. Deputy Chairman: No cross talk please.

**ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی :** بات یہ ہے کہ جب اس کے لیے تاریخیں مقرر ہوگئیں، ڈرافٹ بن گیا، میں نے اپنے عمائدین کو کہا، کہ بھئی جانے دو، ہم ان سے مذاکرات بھی نہیں کر سکتے، اسلام پر سمجھوتہ بھی نہیں ہو سکتا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جب اسلام نزدیک آتا ہے تو ان کا کاروبار بند ہونے کے قریب آتا ہے، اس طرح وہ اسلام سے بھاگ جاتے ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ جیسے ہمیں یہ کہتے ہیں کہ ہم under nineteen ہیں اور یہ "۷۲" کے ہیں، کیونکہ بلوغت جو ہے وہ ۷۲ کی عمر میں آتی ہے ؟ اس لیے یہ ہمیں under nineteen کہتے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہمارے بزرگ ہیں جو ۷۲ میں

سن بلونت کو پہنچتے ہیں تو ان سے ہیں گزارش کرنا چاہتا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : ڈاکٹر صاحب، میں آپ سے گزارش کرتا ہوں ۔۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی : سر، میرا بھی ایک پوائنٹ رہتا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین :۔ نہیں، ڈاکٹر صاحب، آپ وائنڈ اپ کریں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی : مجھے صرف پانچ منٹ اور دیجیے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین :۔ آپ کے پاس صرف ایک منٹ ہے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی : تو اب دستوری انحراف کی باتیں یہ فرما رہے ہیں یہی سینیٹ تھا جہاں آر سی او اور پی سی او کے ذریعے" چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر نے دستور کا حلیہ بگاڑ کر رکھ دیا تھا۔ اس کے خلاف کیا انہوں نے لمبی چوڑی تقریریں کیں کیا اس کے خلاف واک آؤٹ کیا؟ یا اس ہاؤس کو چھوڑا؟ کیا اس کے خلاف کوئی بات کی، اور آٹھواں ترمیمی بل جسے میں اب بھی بلیک وارنٹ کہتا ہوں، جو کہ غیر دستوری ہے، اس وقت ایوان کی بالا دستی نہیں تھی، مارشل لاء اس کے سر پر تھا، اور اس وقت اس پر بطور چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر، اس نے دستخط کئے تھے ان کی اور ہماری اس وقت sovereign power ہی نہیں تھی۔ ایک مارشل لاء آرڈر سے یہ ہوا۔ اگر آپ اس سے agree نہ ہوتے تو آپ کے تمام set-up کو ختم کیا جاسکتا تھا میری گزارش یہ ہے کہ اس وقت ان کی مجاہدانہ زندگی کدھر گئی تھی۔

جناب محمود احمد منٹو : آپ کی گھڑی نہیں چل رہی ہے تو میری گھڑی چل رہی ہے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی : اس وقت ان کی دستوری سوچ کہاں تھی۔ یہ سب باتیں بنانے کی ہیں، کہنے کے لیے تو بہت کچھ ہے۔ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ افسوس کہ آپ مجھے پندرہ بیس منٹ دے دیتے تو میں عرض کرتا۔ میں تمام میٹریل لے آیا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : بہت شکریہ!

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی : میں ثابت کرتا کہ ان کی دستوری سوچ اور ان کے تقدس کے لیے ان کی کیا سوچ ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : بہت شکریہ!

پروفیسر خورشید احمد : جناب والا، ...

جناب ڈپٹی چیئرمین: پروفیسر صاحب، شاید پچھلے regime میں یہ بھی نیشنل اسمبلی کے ممبر تھے، جب یہ سارا پروسیجر ہوا۔

پروفیسر خورشید احمد: جس اسمبلی نے آٹھویں ترمیم پر ووٹ دیا تھا، اس میں جناب والا! بھی موجود تھے، اور اس کے خلاف انہوں نے ووٹ نہیں دیا تھا۔

**Syed Zafar Ali Shah:** Rule 35 says:

"A Minister, whether he has previously taken part in the discussion or not...."

It is no violation.

**Mr. Deputy Chairman:** So, we did in the same way. I don't think, you have got any grievances against him. I allowed him and he spoke, what he wanted.

**Syed Zafar Ali Shah:** Mr. Chairman, this is a question of conducting the House.

**Mr. Deputy Chairman:** We have conducted the House according to the rules, Sir.

**Syed Zafar Ali Shah:** Mr. Chairman, Sir, let me speak about it. I just want to help in clarifying certain things which have not been clarified. Rule 35 says :

"A Minister, whether he has previously taken part in the discussion or not, shall, on behalf of the Government, have a general right of explaining the position of the Government at the end of the discussion".

Mr. Chairman, I simply want to say that when a special provision has been put, it does not, *ipso facto* take away the right of a member to take part in the discussion otherwise. So, this is an addition, it says that general provision has been made that he (a Minister) has the right of explaining the position of the Government preferably at the end of the discussion. Now the discussion has been continued for a number of days.

**Mr. Deputy Chairman:** Yes.

**Syed Zafar Ali Shah:** So, it also says that the Chairman may allot one day or other day. So, several days have been passed

and the discussion is going on. Now, how do we know the end of the discussion ? That is why I have also given my name to you, Mr. Chairman, and I will request you that because of certain circumstances I may be given time not only to explain the position of the Government briefly but also to speak with reference to the President's Address.

**Mr. Deputy Chairman:** So, we will try to accommodate you on the next day. Thank you very much. Dr. Mahbubul Haq Sahib.

**Syed Zafar Ali Shah:** Mr. Chairman, but I would not be here.

**Mr. Deputy Chairman:** No. Today, it wouldn't be possible, Sir, as we have got so many Members on the list.

**Syed Zafar Ali Shah:** Mr. Chairman, I had submitted my name earlier in the day.

**Mr. Deputy Chairman:** It is not on the list, Sir.

Yes, please Dr. Mahbubul Haq Sahib. We will sort out with Syed Zafar Ali Shah Sahib, meanwhile.....

**Syed Zafar Ali Shah:** Mr. Chairman, I had given the name in the morning.

**Mr. Deputy Chairman:** But is it not on the list which is before me.

*(Interruption)*

**Mr. Deputy Chairman:** We don't have your name on the list.

**Syed Zafar Ali Shah:** If you don't have that, then it is a quite different thing, but I had given my name in the morning.

**Mr. Deputy Chairman:** I will check it with my Secretary, Shah Sahib, then I will let you know.

**Syed Zafar Ali Shah:** But I spoke to the Chairman from the floor of the House, and he said that he is giving the time. The Chairman was sitting there. *(Interruption)*

**Mr. Deputy Chairman:** O.K.

Yes, please Dr. Mahbubul Haq Sahib.

*(Interruption)*

**Mr. Deputy Chairman:** Vardag Sahib has already requested for Mr. Salim Saifullah Khan's turn and there is no such proceedings in the House.

**Mr. Sartaj Aziz:** Sir, under Rule 35 non-member Ministers cannot take part except as Ministers at the end of the discussion.

**Mr. Deputy Chairman:** Right Sir.

Then Dr. Mahbubul Haq Sahib.

**Dr. Mahbubul Haq:** Mr. Chairman, Sir, time is precious. Let us use it in debating the President's Address.

**Mr. Deputy Chairman:** Yes, please.

**Dr. Mahbubul Haq:** Thank you, Mr. Chairman for giving the opportunity.

I believe, the President's Address six months ago, was a very lucid and very cogent submission of the national problem and the national priorities.

On the political front, the President alerted us that deviations from the Constitution have led to repeated political crisis in this country.

On the economic front, he stressed the importance ɔf reducing population growth, accelerating employment ɔpportunities, closing the budgetary gap and encouraging orivate initiatives and on foreign policy he stressed the need of continuity and maturity. I wish, Mr. Chairman, hat the present Government had followed the framework vhich has so ably been laid out by the President six months go. But we find after six months, today, that there has een a period of confusion and rift and today, the Prime Minister is much weaker than she was six months ago. Politically, her base of power has shrunk. She has a weaker-base ow in Punjab and Baluchistan. Her coalitions with ANP nd MQM are falling apart and what is more surprizing her political base of power in Sind. She cannot communicate olitically with Sind and has to do it only through the Army. o for the economic performance is concerned, there has een a high rate of inflation, there has been greater unemployent, there has been lower economic growth with industrial roduction dipping to only one per cent for the first time

which used to be 8 to 10% every year and there is no clear economic policy agenda. On the foreign policy front we find a curious situation, where we are going all over the world urging everyone to recognize the Interim Government and find ourselves unable to extend the same recognition to the Interim Government, and no clear policy has been laid down before the nation as to how a peaceful settlement is to be reached in Afghanistan and how the refugees have to return to their homes in peace and honour ? Now, why is this policy of paralysis and rift ? I believe, Mr. Chairman, it is because the Prime Minister was badly advised in the last six months and she has made three very strategic mistakes.

First she was wrongly advised to pursue politics of polarization, politics of confrontation while the nation expected her to choose politics of accommodation. When she came to power she had two alternative courses. She could have graciously accepted the split mandate given by the voters and chosen to work in harmony with different Governments in Punjab and Baluchistan, with a different party structure in the Senate and with a new balance of power between the President and the Prime Minister. She could have grown into a statesman or stateswoman and she could spread her wings and accommodate the diversity which is the essense of democracy. Or alternatively, she could have chosen to fight this reality. She could have subverted the split mandate given by the voters and she could have pursued a politics of confrontation. Unfortunately, I believe, she chose the latter course and she lost.

Secondly, she was wrongly advised to pursue the politics of the past when she could have chosen to pursue the politics of the future. So much time, so much media energy has been wasted in the last six months to paint the 11 years in the darkest possible colours whereas this is the judgement that could safely be left to history. Because history has a strange, in a very objective, in a very brutal way of judging different eras. Let them not forget that a recent Galop Poll in April showed that President Ayub commands the highest popularity among the people even in comparison with Prime Minister Zulfiqar Ali Bhutto and President Zia.

**Mr. Javed Jabbar:** Question, question?

**Dr. Mahbubul Haq:** And as such, if she was properly advised she would have recognized that history would judge her

[Dr. Mahbubul Haq]

not by the records that she demolishes but by the records that she creates and, in the last six months, she has created no significant record of any new legislation, of any new economic initiative, of any fresh policy triumph in the foreign policy. I believe if there is such pre-occupation with the past it would be useful to have an independent commission for domestic and international experts to judge the era of the last 11 years and the previous six years and we will accept their verdict, but let us focus our politics on the future not on the past.

Thirdly, I think she was wrongly advised to indulge in politics of excessive rhetoric while the nation expected her to choose the politics of concrete actions. Rhetoric is not governance. We have heard words and words and words on every policy issue but we have seen so far very little by way of concrete action. I believe the nation is still waiting for the Prime Minister to graduate into her role as a Prime Minister. She had three different roles - Bhutto's daughter, Leader of the Peoples Party and the Prime Minister of the country. For the last six months she has chosen, it appears, to play the first two roles 90% of the time while the people were expecting that she will graduate into a Prime Minister and her excessive rhetoric by now has created a tremendous credibility gap.

Take for instance brave words on employment policy. Some few chits are given to unemployed but the reality is that the industrial production has dipped to 1% a year. It is industrial production that is going to create jobs not words and by giving chits to some people the Government will only destroy the remaining efficiency and profitability of government corporations and banks and any semblance of merit that remains in this country.

Take the words on de-regulation - we love private sector, private initiative, foreign private investment and then every thing has to be cleared from the Prime Minister's Office on Investment. Private investment banks sanctions are frozen. The national Dis-investment Authority loses its Chairman and its mandate and foreign private investors are told, you can come in but you cannot take your capital out, have non-repatriable investment which is a new concept that we are inventing.

Take the brave words about poverty alleviation and the *Katchi Abadies*, tears for the poor and yet we have not seen the Prime Minister going to any *Katchi Abadi.*

May be the dust would have spoiled her elegant dress. We have seen her going to Atchison College and giving the patronage of the State to the poor children there.

Take the brave statements on provincial autonomy - "we stand for it, we brought it in the 1973 Constitution". Yes, that was the finest achievement of 1973 Constitution and then whatever autonomy the Provinces enjoyed in the past is being taken away and a Peoples Works Programme is put in force without consultation with the Provinces through executive orders against their wishes and against the spirit and letter of the Constitution. As such there is a tremendous gap between rhetoric and reality and the most crucial test will come in the next budget. We have been told, it will be a Be-nazir Budget and I think the nation is waiting with abated breath as to how that gap between rhetoric and reality is going to be bridged in this budget.

I would like to say Mr. Chairman, because I do not want to take too much time that in the last six months there were these three crucial mistakes, three disastrous choices, three wrong paths, three ill-conceived strategies, namely:

- politics of polarization, not of accommodation;
- politics of the past, not of the future;
- politics of rhetoric, not of action;

and that is why today we find the fortunes of this Government so low that there is a talk, and irresponsible talk, I believe, that cold calculations are already being made in the corridors of power about the political relevance of a Prime Minister who cannot even negotiate with her own power base in Sind except through the muffled rifles of the army and there are hushed whispers, and I hope they are all wrong, about the distant rumble of the silent guns.

This is most unfortunate Mr. Chairman, because all of us in this House have an interest in the continuation of the democratic process and all of us here would like to ensure that the next change in Government that comes must come through political and constitutional means but if that is to be done then Government and Opposition must work together and if that is to happen then I recommend with due respect, with great humility to my esteemed Prime Minister that she should change the course of the past and follow now politics of accommodation, politics of the

[Dr. Mahbubul Haq]

future, politics of concrete actions and if she does that she will get out bipartisan support and if she does that in that lies the salvation of the democratic process and the salvation of this nation. I thank you very much.

**Mr. Deputy Chairman:** Thank you very much Dr. Sahib. Next Mr. Hussain Bakhsh Bungalzai.

میر حسین بخش بنگلزئی: جناب چیئرمین! صدر محترم کا خطاب، مجلس شوریٰ کے مشترکہ اجلاس سے صدر مملکت کا خطاب آج پارلیمنٹ کے ایوان بالا میں زیر بحث ہے۔ اس جامع خطاب پر بات کرنے کے لیے کسی کے خیالات کے اظہار کے لیے کسی کے جذبات و احساسات کو منظر عام پر لانے کے لیے جتنا وقت چاہیے تھا مجھے افسوس ہے کہ اتنا وقت کسی بھی ممبر کو نہیں مل سکا۔ شاید وقت کی کمی کی وجہ سے میں اپنے مفصل اور مکمل خیالات کا اظہار نہ کر سکوں۔ بلکہ میں اپنے اس سیٹ پر کھڑے ہونے کو صرف ایک رونمائی ہی سمجھ سکتا ہوں۔ جناب چیئرمین! آج یہ خطاب سینیٹ میں زیر بحث ہے۔ یہ سینیٹ وہ ادارہ ہے کہ جس کے متعلق جناب صدر صاحب نے ارشاد فرمایا ہے۔

"سینیٹ ایک ایسا ادارہ ہے جو وفاق کی علامت، صوبوں کی بلا لحاظ آبادی و رقبہ نمائندگی کا ذریعہ تسلسل کا وسیلہ تجربے اور بالغ نظری کا گراں بہا سرمایہ ہے۔"

صدر مملکت کے ان احساسات کے ساتھ آج جو منتخب حکومت ہمارے ملک میں موجود ہے ان کے حوالے سے سب سے پہلا حملہ جو سینیٹ پر ہوا اس کے نتیجے میں سینیٹ کو ملک کے تمام ہائی کورٹوں کے اندر مقدموں کا سامنا ہے، سینیٹ کے لیے بنیادی بات یہ کی گئی ہے کہ چونکہ غیر جماعتی بنیادوں پر یہ سینیٹ منتخب ہو گیا ہے لہٰذا اس سینیٹ کی تشکیل غیر نمائندہ ہے لیکن ساتھ ہی ساتھ اس منتخب حکومت نے تمام صوبوں کو بجٹ کے اندر جو سالانہ ۲۰ فیصد سپیشل ترقیاتی فنڈ وفاق سے مہیا کیا جاتا ہے اس بیس فیصد سالانہ ترقیاتی خصوصی فنڈ کو غصب کر کے ایک فنڈ raise کیا گیا ہے اور اس فنڈ کے ذریعے پیپلز ورکس پروگرام چلایا جا رہا ہے ان لوگوں کے ذریعے جنہوں نے کبھی نہ انتخاب کی شکل دیکھی اور نہ اس کا تصور کیا سب سے پہلے میں آپ کی وساطت سے یہ پوچھنا چاہوں گا کہ اگر آپ جمہوریت کے اندر یقین رکھتے ہیں تو پھر ان جمہوری اداروں نے کیا قصور کیا ہے جو منتخب ہو کر ٹاؤن کمیٹی اور یونین کونسل سے لے کر سینیٹ تک قوم کے سامنے اپنے اداروں کے سامنے اور اپنے حلقہ ہائے انتخاب کے سامنے جواب دہ ہیں اور

پھر صوبوں نے کیا گناہ کیا ہے کہ جن کے بیس فیصد ترقیاتی فنڈ کو آپ کاٹ رہے ہیں اپنے ورکرز کے ذریعے جو صرف آپ کے سامنے جواب دہ ہیں اس ملک کی ترقی اور قسمت کا فیصلہ کر رہے ہیں ۔

جناب والا! میرے ذہن میں صرف چند نکات ہیں میں کوئی لمبی تقریر نہیں کرنا چاہتا اس لیے کہ وقت کم ہے صدر محترم فرماتے ہیں " میں اپنے تجربے کی بنا پر یہ کہہ سکتا ہوں کہ بنیادی غلطی صرف ایک تھی اور وہ تھی " آئین سے انحراف " " آئین سے انحراف " کا جہاں تک تعلق ہے میں معترف ہوں اس بات کا آئین ایک مقدس دستاویز ہے ۔ ملک کی تمام آبادی کے درمیان یہ وہ مقدس دستاویز ہے جس کے ذریعے آپ اس ملک کے عوام کے حقوق کو متعین کرتے ہیں جب آئین کے ذریعے صوبوں کے حقوق متعین ہوتے ہیں تو پھر یہ حکومت یا کوئی بھی حکومت پابند ہے اس بات کی کہ ان حقوق کا خیال رکھا جائے اور آئین کے

مطابق ان حقوق کی پاسداری کی جائے تاکہ ان حقوق کو پامال نہ کیا جائے اسی آئین کے متعلق صدر محترم یہ فرماتے ہیں " آئین قوم کے اجتماعی شعور کی دستاویزی شکل ہے آئین حال کے رستوں اور مستقبل کی منزلوں کا تعین کرتا ہے آئین مسائل کے حل اور ان تک پہنچنے کے راستے دکھاتا ہے آئین پر عمل جمہوریت کی بقا اور قومی امنگوں کے حصول کا واحد مجرب نسخہ ہے " جناب والا! اس مجرب نسخے کو موجودہ نمائندہ حکومت کس حد تک استعمال کر رہی ہے ۔ مسائل کے حل کے لیے یہ ایک سوالیہ نشان ہے پوری قوم کی طرف سے موجودہ حکومت کے لیے ۔

جناب والا! زندہ قومیں ہمیشہ تاریخ کے اندر اس بات کی متمنی ہیں کہ وہ صحیح معنوں میں مناسب انداز میں اور اپنی بھرپور حیثیت میں اپنا دفاع کر سکیں ۔ دنیا کی تمام زندہ اور آزاد قوموں کو اس بات کا حق ہے اور اختیار ہے کہ وہ اپنی دفاعی قوت کے متعلق سوچیں، چنانچہ دفاع سے متعلق جناب صدر نے جو گائیڈ لائن دی ہے وہ فرماتے ہیں " حکومت " ملک کی دفاعی ضروریات کو انتہائی اہمیت دیتی ہے اور اس کے لیے مسلح افواج کو بہترین پیشہ ورانہ تربیت اور ضروری جدید ساز و سامان سے لیس کرنے کی بھرپور کوشش کرے گی کیوں ؟ اس لیے کہ پاکستان ایک امن پسند ملک ہے وہ کسی کے خلاف جارحانہ عزائم نہیں رکھتا عوام کے منتخب نمائندوں کی حیثیت سے آپ سب پر لازم ہے کہ دنیا پر پاکستانی قوم کا یہ عزم دوٹوک الفاظ میں واضح کر دیں کہ پاک سرزمین کی طرف بری نیت سے اٹھنے

والا ہر قدم خود اس کی تباہی کی طرف موڑ دیا جائے گا" میں جناب صدر گرامی قدر کے اس عزم کو اس جذبے کو اور اس پالیسی کو انتہائی تحسین کی نگاہ سے دیکھتا ہوں اور میں اس بات کا مطالبہ کرتا ہوں کہ ایک امن پسند قوم کی حیثیت سے پاکستان اپنا دفاعی حصار جتنا مؤثر بنا سکتا ہے بنانا چاہیئے میں آپ کی وساطت سے یہ گوش گزار کرنا چاہوں گا کہ ہمیشہ اس بات کا رونا رویا جاتا ہے کہ پاکستان ایک غریب ملک ہے لیکن میں آپ کی وساطت سے یہ واضح کرنا چاہوں گا کہ پاکستان نہ غریب تھا نہ غریب ہے اور نہ اس کے بعد رہے گا اگر بنیادی خامی ہے بنیادی کمزوری ہے تو پاکستان کے وسائل کو منصوبہ بندی کے ذریعے مناسب انداز میں استعمال کرنے کی ہے۔ اگر پاکستان کے ذرائع کی مناسب انداز میں منصوبہ بندی کی جائے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس پورے ریجن کے اندر پاکستان سب سے امیر ملک ہے۔ لہٰذا آج کے حالات قوم کو اس طرف متوجہ کرتے ہیں کہ پاکستان کے ذرائع اور وسائل کو صحیح معنوں میں استعمال کر کے پاکستان کے عوام کو غربت، افلاس اور جہالت کے اندھیروں سے نکالا جا سکتا ہے۔

جناب والا! میں آپ کی نظروں کو نوٹ کر رہا ہوں کہ آپ میری طرف دیکھ رہے ہیں کہ کب اپنی تقریر ختم کرتا ہوں، میں صرف ایک نکتہ اور وضع کرنا پسند کروں گا صدر صاحب فرماتے ہیں، کہ ضرورت صرف اس بات کی ہے کہ ایسی پالیسیاں وضع کی جائیں جو کہ نہ صرف ملکی بلکہ غیر ملکی صنعتکاروں کو بھی بھرپور احساس تحفظ دے سکیں تاکہ وہ پوری یکسوئی اور اعتماد کے ساتھ پاکستان میں سرمایہ کاری کر سکیں جناب والا! آج کا دور دنیا کے اندر ترقی کے لیے صرف اور صرف زرعی دور نہیں رہا ہے آج کا دور انڈسٹری کا دور ہے آج کا دور صنعت کا دور ہے جب تک آپ ملک کے اندر صنعتی انقلاب نہیں لا سکیں گے اس وقت تک یہ ناممکن ہوگا کہ آپ ملک سے غربت جہالت اور افلاس کو دور کر سکیں۔

جناب والا! جہاں تک اس جامع خطاب کا تعلق ہے اس کے ایک ایک لفظ کو لے کر میں ملک و قوم کے عوام کے جذبات اور احساسات کو آپ کی وساطت سے اس ہاؤس کے ذریعے قوم تک پہنچا سکتا ہوں۔ اس جامع خطاب میں آخری بات جو کی گئی ہے۔ اس کی جو روح بنتی ہے وہ صرف یہ ہے کہ آیئے مل کر اس بات کا عہد کریں کہ ہم پاکستانی ہیں یہ ہمارا ملک ہے یہ ہماری دھرتی ہے یہ ہماری سرزمین ہے۔ پاکستان اور پاکستانی سے ہٹ کر ہماری کوئی دوسری قومیت نہیں ہے اسلام ہمارا مذہب ہے آیئے مل کر پاکستان کی تعمیر کریں پاکستانی جذبے کے ساتھ۔ شکریہ!

جناب ڈپٹی چیئرمین : شکریہ جی، جناب سرتاج عزیز صاحب ۔

**Mr. Sartaj Aziz:** Mr. Chairman, as all the colleagues have pointed out that we are discussing a very important Address by the President covering a wide range of topics. The time of five months which has elapsed is in one way unfortunate that it has taken so much time for us to take up the debate. But it also provides an opportunity to see to what extent progress has been made in the directions of policies and guidelines which the President had set out in his Address. I am almost tempted to move an amendment to the motion before us that while this House is expressing its deep gratitude to the President for his Address, it also notes with concern the deterioration that has taken place in respect of promoting national unity, strengthening the democratic process or improving the economy. These are the matters Mr. Chairman, on which I would like to make brief comment to show both the deterioration and also underline the urgency of making progress in that direction. It is really sad that 42 years after the Quaid's dream of an independent nation was realized we still have not become a unified nation. There are deep suspicions and divisions along with provincial, sectarian and ethnic lines. In most countries there are political, I think, differences and these are inevitable but it is suicidal to carry them to a point where they threaten the very existence of the country or provide opportunities to outsiders to fulfil their nefarious designs. In this context Mr. Chairman, the situation in Sind is particularly alarming and disturbing. One redeeming feature after the election at least appeared to be that the ruling party alongwith MQM had full electoral support in that Province and therefore the hope that they will not only be able to control the law and order situation but also bring about a basic reconcilation in the Province but unfortunately this has not happened. The incidents of ethnic type have not only intensified but also encouraged a much greater degree of lawlessness in the length and breadth of the Province. The Chief Minister himself has admitted that even leaders and activists of the Peoples Party are sometimes involved in these and it is because of the political influence of most of the sections involved in this type that the Government has not been able to take effective action. It is as a result of this situation that one poet describes the situation in this verse :-

دیکھو گے تو ہر موڑ پر مل جائیں گی لاشیں

ڈھونڈو گے تو اس شہر میں قاتل نہیں ملتا

[Mr. Sartaj Aziz]

While crime is being committed, you don't bring to book people who are responsible for this. I think in the interest of national unity the Government must take strong action against all those elements which are threatening the fabric of national unity.

In the longer run, I think, this is an issue on which all parties should cooperate and I would suggest that the Senate may set up a Joint Committee of both the Houses to evolve a code of Conduct for national unity so that there should be voluntary restraints on all activities - statements, policies that create hatred, bitterness of heighten the ethnic differences and negative provincialism. Such a Committee could also monitor the implementation of this code and hear appeals or complaints about serious infringement. National unity is a bipartisan objective and if the Senate takes the initiative of setting up such a Committee, it can also invite the National Assembly to nominate Members and the Chairman of the Senate and the Speaker of the National Assembly can jointly chair such a Committee both to formulate such a code and also monitor it so that a joint effort can be made.

The second important objective which the President's Address highlights is the need for strengthening the democratic process and the democratic tradition. As you pointed out our record on democracy is not very enviable and this is mainly because we did not adhere to the Constitution. There was a great sense of relief after the election that the democratic process has resumed and after the upheavals of 29th May and 17th August, the country was able to get back to a democratic route so soon but this relief and contentment were shortlived and soon after that the Baluchistan Assembly's dissolution, the continuing and heightening friction between the Centre and the Punjab particularly and unrest in Sind has created a general concern and disquiet among the population at large about the stability and viability of the democratic process in the country.

Mr. Chairman, all the political parties have a common stake in the political and the democratic process but unfortunately PPP has taken upon itself of calling the oppositon - all opposition parties as undemocratic or enemies of democracy, forgeting that it was the Muslim League Government which removed Martial Law, which restored fundamental rights, which restored freedom of information in the country

but for the action of May 29, it would not be still in power but in much better position to win the next elections whether in 1989 or 1990. It was that particular action which gave a chance and I think it was the Senate whose Chairman took over and ensured the return of democracy to the country with the active support of the Senate. Therefore, just like the Justice Minister just made an appeal that nobody should claim *"Thekedari"* (ٹھیکیداری) for Islam, I would earnestly appeal to the ruling party not to become *"Thekedars"* (ٹھیکیدار) of democracy. Please invite all political parties to participate in this task because without this, this objective can not be achieved. The process of democracy requires tolerance and respect for the opposition and it requires a strong and constructive opposition alongwith judiciary and a free press which can ensure that accountability at all levels is observed. It is in this context, Mr. Chairman, that the Government's efforts to launch a campaign against the Eighth Amendment is very unfortunate and here I will draw your attention to the statement which the President made that

اگر کہیں شک اور ابہام کی گنجائش ہو تو عدالتوں سے رجوع کیا جائے گا مگر آئین کے تقدس پر ہرگز حرف نہیں آنے دیا جائے گا یہ درست ہے کہ آئین آسمانی صحیفہ نہیں اس میں ترمیم کی جا سکتی ہے جس کے لیے خود آئین ہی میں گنجائش رکھی گئی ہے اور طریق کار بھی وضع کیا گیا ہے۔

Sir, following that route the Peoples Party has taken upon itself to launch a public campaign against the Eighth Amendment. This could create an impression among the people that there is something seriously wrong with the Constitution and therefore, the ability of the system to adhere to the Constitution will be largely affected. The basic tendency seems to be the same that since it does not command majority in the Senate. The Minister for Interior went as far as to say that we are not bringing legislation in the Senate because we do not have the control of the Senate.... Although the Senate has played its role in a very constructive and positive manner throughout the last 4 years and has fully cooperated in legislative business that has been brought and I hope, in future, also, it will do so and, therefore, this tendency which has become prevalent is also reflected in the statement of the Prime Minister in a recent interview in which she said "if the enemies of democracy tried to break this Government on the question of Sind, let me tell you that they would not break the Government they would break the country." Mr. Chairman, this illustration of self-importance, self-preservation and inability of the Government to put State

[Mr. Sartaj Aziz]

above Government and party interest is, to my mind, the essence of our ability to protect the democratic process and this is the task Mr. Chairman, which, I think, the Parliament as a whole should promote actively because if only one party claims the sole responsibilty for preserving and strengthening democracy in the country it cannot succeed. So, this is another aspect, Mr. Chairman, in which the events of the six months particularly the attitude that has been adopted does not favour the prospects of a strengthened democratic process in the country and I hope very much that by learning from history, by learning from past mistakes the Peoples Party will change its course. It will like the objective of national unity and treat this in a very bipartisan manner and put this objective above party interest.

Finally, Mr. Chairman, coming to the economy and economic management here again, the Members have pointed out that most of the key-indicators which indicate the rate of inflation is much higher than in the past. In the absence of a clear policy guide-lines, investments and exports are on the down trend and there is erosion of foreign exchange rate which is the key-indicator, barometer of the health of an economy. In the last 5 months we have had a deterioration of 3 rupees from 18 plus rupees per dollar. The rate is now 21 and half rupee per dollar. This is a degree of erosion which had not taken place in the preceding 4 years and this itself is the result of declining in investments and exports that we see again as pointed out by many Members. It is a sort of concentrating on a concrete agenda. The past actions of the past Government are being criticized often without justification instead of formulating concrete policies for the future. In my own domain in which I was concerned e.g. food and agriculture, inaccurate statements have been made, for example, about wheat imports. The Minister of State for Food and Agriculture recently gave a statement that because of lack of planning and proper forecasting the Government had a food crisis and this Government had to import 18 lacs tons of wheat. In fact, out of 18 lacs tons, 12 lacs, 2/3rd was not only arranged, but also tenders were issued well before this Government came into power and the 6 lacs tons for which this Government signed an agreement nothing has arrived so far but more importantly the objective of food self-sufficiency which is the national achievement after 25 years' efforts by scientists, by farmers, by a large number of people is being unnecessarily politicized because even in this year while

we imported 1.2 million tons of wheat, we exported 1.2 million tons of rice which is of a higher value. We have not therefore, lost our food self-sufficiency and therefore, such an important national objective should not be made on the altar of short-term political expediency. Similarly, the report of the National Commission on agriculture on which 200 top scientists and experts in the country had worked for two years is available to the Government as a blue-print. Every now and then the Minister makes a statement about a new policy instead of implementing the framework that is available with any modification that changes the emphasis on to discard everything that happened. In fact, this whole policy of saying that every thing that happened between 70 and 77 was white and everything that happened between 77 and 88 was black and now everything is white, is not a very healthy tendency. Good actions and bad actions both occurred between 70 and 77 and similarly in the past. There should be a balanced view of these things and unnecessary effort to re-write history and distort facts and figures should be avoided.

Mr. Chairman, in the economic field the potential of this country for development is great. The needs of the people are enormous and un-met and therefore, instead of trying to find faults with what happened in the past, serious efforts should be made to put the economy back on the rails, to revive investment in exports, to realize the potential of the economy for growth so that the Government is able to meet the real needs of the people rather than to satisfy them in that way.

So, as you will see, Mr. Chairman, the President in his own wise words had among other things given very wise words of advice in respect of these three matters that I have covered but unfortunately, they have not been adhered to except rhetorically and there is an urgent need to move on to the concrete guidelines that he has given. I will reserve my comments on foreign policy when we come to the foreign policy debate but I thought it would be useful to supplement the very valuable comments that other Members have made in drawing the attention of the Government to these 3 aspects in which further concrete action is needed for vital national objectives like national unity, democracy and economic well-being. Thank you very much.

**Mr. Deputy Chairman:** Thank you. Sheikh Ali Muhammad.

[Mr. Deputy Chairman]

*(Interruption)*

Mr. Asif Vardag has already requested, so first I have to give the floor to Mr. Vardag.

*(Interruption)*

**Mr. Deputy Chairman:** That is right. If you want to set this precedent in the House and if this is the consent of the House, so Mr. Vardag has already requested to speak instead of Mr. Salim Saifullah Khan then he will be having the floor first and after that I will...

**Mr. Javed Jabbar:** Yes, you can do that.

Mr. Chairman, whenever any difficulty arises.....

*(Interruption)*

**Mr. Deputy Chairman:** What is the sense of the House in this regard?

*(Interruption)*

**Mr. Deputy Chairman:** Let Mr. Ahmed Mian Soomro finish first, please.

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** There is no such precedent that on behalf of someone or somebody, even in the case of an adjournment motion or a privilege motion if the mover is not there, nobody else can move it. So, what is this new convention being created?

**Mr. Javed Jabbar:** Mr. Chairman, I may point out that there is no motion being moved. Whenever difficulty arises the Chairman has residuary powers to change the rule or to use his discretion. In this case, if you wish to permit another speaker from the other side to speak in place of someone else, please do so and allow the same facility to the other Member here, the honourable Minister. Thank you.

**Mr. Deputy Chairman:** So, today, I don't think we will be able to conclude it.

*(Interruption)*

**Mr. Deputy Chairman:** Mr. Muhammad Ali Khan on a point of order.

**Mr. Muhammad Ali Khan:** No Member has the right to give his own time to somebody else. If he wants to speak he is most welcome but if he does not want to speak then he loses his turn and the next man on the list can speak.

**Brig. (Retd) Abdul Qayyum Khan:** Mr. Chairman, there is no quorum, in the House. Please check it if there is a quorum.

*(Interruption)*

**Mr. Javed Jabbar:** In a House where they are in a majority, they don't have the quorum. That speaks very well.....

**Mr. Deputy Chairman:** Let us listen Shah Sahib first then we will check for the quorum also.

*(Interruption)*

**Mr. Deputy Chairman:** So, I think, we continue this debate when we meet next i.e. on 21st of May, 1989 which is a Private Members' Day and it is decided with the consent of the House that we will take the discussion on the President's Address first and then any other business.

*(Interruption)*

**Mr. Deputy Chairman:** No. The House had already agreed. The Leader of the House has already given these words. He will put a formal motion. This was agreed Prof. Sahib, I think, you were here.

**Prof. Khurshid Ahmed:** There will be a Private Members' Day.

**Mr. Deputy Chairman:** There will be a Private Members' Day. Let us first finish with this business and then we will take up the Private Members' Day.

**Mr. Javed Jabbar:** As soon as we complete this debate......

**Mir Hussain Bakhsh Bungalzai:** Sir, the remaining speakers will speak on that.

**Mr. Deputy Chairman:** Yes, of course. Syed Zafar Ali Shah on a point of order.

**Syed Zafar Ali Shah:** Mr. Chairman, I draw your attention to Rule 206 which says :

> "(1)........in the order in which the Chairman may call upon the Members to speak.....".

It shall be the procedure. So, how do you say that the rules are silent if you see Rule 206 ? So, I don't understand.

*(Interruption)*

**Mr. Deputy Chairman:** The Chair never dictates to the House. We always go with the consensus of the House.

**Syed Zafar Ali Shah:** No. but either you follow the rules.

**Mr. Deputy Chairman:** Because we always ask the Members.

*(Interruption)*

**Syed Zafar Ali Shah:** I don't mind. I don't care to speak, if you don't want to listen. We are for freedom of speech, and here the Members of the Senate don't want to listen to the Government.

*(Interruption)*

**Mr. Deputy Chairman:** Shah Sahib you do not lose your temper. Members will listen to you.

*(Interruption)*

**Mr. Deputy Chairman:** Prof. Sahib please, please, please.

شاہ صاحب چونکہ نئے نئے آتے ہیں اور ہمارے آداب سے واقف نہیں ہیں اس لیے شاہ صاحب کو ہم تھوڑی سی liberty دے دیتے ہیں کوئی بات نہیں ہے - - - -

**جناب جاوید جبار :** کیا آداب ہیں جو باتیں آج کی گئی ہیں - وہ آداب اب نہیں رہے

I am sorry, the standard has deteriorated recently.

**Mr. Deputy Chairman:** Javed Jabbar Sahib you will have the right to reply to that. You will have the chance to reply to that.

جناب ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی : جناب چیئرمین ! جہاں تک رولز آف پروسیجر اور آداب کی بات ہے تو یہ بھی آداب میں ہے

It is the whole discretion of the Chair.

جناب ڈپٹی چیئرمین : ڈاکٹر صاحب ! آپ پوائنٹ آف آرڈر پر ہیں ؟ ڈاکٹر صاحب، آپ کس پوائنٹ پہ بول رہے ہیں . . . .

(مداخلت)

**Mir Hussain Bakhsh Bangulzai:** Sir, what disucssion is going on over here ?

جناب ڈپٹی چیئرمین : ڈاکٹر صاحب آپ پہلے فلور تو مجھ سے مانگ لیں ۔

You have not asked for the floor. Please take your seat.

جناب محمد علی خان : کورم کے لیے گھنٹی تو بجائیں ناں جی ۔

*(Interruption)*

**Mr. Deputy Chairman:** Please ring the bells.

(کورم کے لیے گھنٹی بجائی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین : ۔ میرے خیال میں اب quorum کے chances کم ہیں ۔

*(Interruption)*

**Mr. Deputy Chairman:** First there will be a formal motion

[Mr. Deputy Chairman]

by the Minister for Information for suspension of the rules and then we will take up Private Members' Business.

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** Suspension for what, Sir? We can take it up if the House permits it.

**Mr. Deputy Chairman:** I think the House has given its consent today.

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** It is not so. It has never been put to the House.

**Mr. Deputy Chairman:** O.K., as you decide. Thank you very much. So, we adjourn the House. We will meet on 21st May, 1989, that is, Sunday, at 10.00 A.M. in the morning.

---

[The House then adjourned to meet again on Sunday, the 21st May, 1989, at 10 O'clock in the morning.]

---